ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com
روزنامہ
چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین
کشمیر دھرتی راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ایڈیٹر: عمر خیام
جلد 03 | ہفتہ یکم فروری 2025ء، 02 شعبان 1446ء، 21 ماگھ 2081 | صفحات 04 / قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 283

آزاد کشمیر میں تکنیکی اور فنی تعلیم وتربیت کی ترویج کے حوالے سے مفاہمتی یادداشت پر دستخط

ہیومین اپیل انٹرنیشنل آزاد کشمیر بھر میں TEVTA کے زیر انتظام مختلف ادارہ جات کو سلائی مشین ہا و دیگر ٹریننگ کے متعلقہ مختلف سہولیات کی فراہمی یقینی بنائے گا

مگس بانی کے شعبہ میں ٹریننگ اور ازاں بعد نوجوانوں کے لیئے شہد کے حوالہ سے کاروباری سہولیات بھی فراہم کی جائیں گی، چیئرمین ٹیوٹا کا تقریب سے خطاب

مظفرآباد (پی آئی ڈی) وزیراعظم آزاد کشمیر کے ہنر مند کشمیر ویژن کو عملی جامہ پہنانے کی غرض سے ہیومین اپیل انٹرنیشنل کے تعاون سے آزاد کشمیر میں تکنیکی اور فنی تعلیم وتربیت کی ترویج کے حوالے سے مفاہمتی یادداشت(MOU) پر دستخط اس حوالہ سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد TEVTA کمپلیکس میں وزیراعظم ہاؤس جلال آباد میں کیا گیا۔ مفاہمتی یادداشت پر AJKTEVTA کی جانب سے سیکرٹری چیف آپریٹنگ آفیسر ڈاکٹر مسعود احمد بخاری اور ہیومین اپیل انٹرنیشنل کی جانب سے کنٹری ڈائریکٹر داؤد شفیقین نے دستخط کیے اس موقع پر چیئرمین AJKTEVTA چوہدری محمد فرید و دیگر آفیسران و معاون سٹاف TTB/TEVTA ہیومین اپیل انٹرنیشنل کے نمائندگان اور پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا کی شرکت۔ ہیومین اپیل (بقیہ 27 صفحہ 03)

مظفرآباد: سیکرٹری چیف آپریٹنگ آفیسر ڈاکٹر مسعود احمد بخاری اور ہیومین اپیل انٹرنیشنل کنٹری ڈائریکٹر داؤد شفیقین مفاہمتی یادداشت(MOU) پر دستخط کر رہے ہیں

مخلص قیادت دھوپ، بارش کی طرح ہوتی ہے، فیصل راٹھور

برادری ازم کا خاتمہ کرکے عوامی فلاح و بہبود کے منصوبے بلاتفریق مکمل کیے

حویلی کہوٹہ (پی آئی ڈی) آزاد جموں وکشمیر کے زیر لوکل گورنمنٹ و دیہی ترقی، راجہ فیصل ممتاز راٹھور نے کہا ہے کہ مخلص قیادت دھوپ اور بارش کی طرح ہوتی ہے جو بلاتفریق سب پر یکساں چمکتی اور برساتی ہے، ڈسٹرکٹ حویلی کہوٹہ میں برادری ازم کا خاتمہ کرکے عوامی فلاح و بہبود کے منصوبے (بقیہ 28 صفحہ 03)

حکومت فوری بلدیاتی نمائندگان کو بااختیار بنائے، مولانا سعید یوسف

اختیارات دینے کے حوالے سے اقدامات کیئے جائیں تاکہ حقیقی بنیادی جمہوریت کا خواب شرمندہ تعبیر ہو سکے

بلدیاتی نظام کو فعال اور مضبوط بنانے کیلئے بلدیاتی نمائندوں کو فوری طور پر فنڈز اور اختیارات کی فراہمی یقینی بنائی جائے

پلندری (دھرتی نیوز) رابطہ کمیٹی بلدیاتی نمائندگان کے وفد نے مولانا سعید یوسف کو بلدیاتی نمائندگان کی تحریک کے حوالے سے آگاہ کیا حکومت فوری بلدیاتی نمائندگان کو اختیارات دینے کے حوالے سے اقدامات کرے تاکہ حقیقی بنیادی جمہوریت کا خواب شرمندہ تعبیر ہوسکے۔ بلدیاتی نمائندوں کے لئے ہر فورم پر آواز بلند کروں گا امیر جمعیت علمائے اسلام جموں وکشمیر مولانا سعید یوسف خان نے کہا کہ بلدیاتی نمائندگان کے مطالبات کی (بقیہ 26 صفحہ 03)

متنازعہ پیکا ترمیمی ایکٹ
صحافیوں کا ملک بھر میں احتجاج

ایکٹ کی منظوری کے خلاف یوم سیاہ کے موقع پر صحافیوں کی مختلف شہروں میں احتجاجی ریلیاں، حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی، ترمیمی بل فوری طور پر واپس لیئے جانے کا مطالبہ

پیکا کالا قانون ہے اور حکومت کا اوچھا ہتھکنڈا ہے، کالے قانون کو لاگو کریں گی تو حکومتیں گھر چلی جائیں گی، احتجاج کا سلسلہ جاری رہے گا، پریس کلبوں کے باہر منعقدہ احتجاجی پروگرامات

ایک روز قبل دائر کی جانیوالی درخواست پر لاہور ہائی کورٹ نے فوری طور پر پیکا ترمیمی قانون 2025 کی مختلف شقوں پر عملدرآمد روکنے کی استدعا مسترد کرتے ہوئے فریقین کو نوٹس جاری کردیا

اسلام آباد / کراچی / لاہور / کوئٹہ / سکھر (دھرتی نیوز/ ایجنسیاں) پیکا ترمیمی ایکٹ کی منظوری کے خلاف پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹ (پی ایف یو جے) کی کال پر صحافتی تنظیموں نے ملک بھر میں یوم سیاہ منایا، نماز جمعہ کے بعد کراچی، لاہور، اسلام آباد، کوئٹہ، سکھر، کندھکوٹ (بقیہ 30 صفحہ 03)

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) لاہور ہائی کورٹ نے فوری طور پر پیکا ترمیمی قانون 2025 کی مختلف شقوں پر عملدرآمد روکنے کی استدعا مسترد کرتے ہوئے فریقین کو نوٹس جاری کر دیا۔ تاہم (بقیہ 31 صفحہ 03)

اسلام آباد: صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے صباء شمشاد ایڈووکیٹ کی قیادت میں دھیرکوٹ اور باغ کے وفد کی ملاقات

سردار ذوالفقار 46 ووٹ لیکر ممبر بورڈ آف گورنرز پریس فاؤنڈیشن منتخب

76 ووٹوں میں سے 50 ووٹ پول ہوئے، 46 ووٹ سردار ذوالفقار جبکہ 03 ووٹ انکے مدمقابل امیدوار کو پڑے

اگلے مرحلے میں ممبران بورڈ آف گورنرز کی حلف برداری، وائس چیئرمین کا انتخاب عمل میں لایا جائیگا، سیکرٹری پریس فاؤنڈیشن

مظفرآباد (پی آئی ڈی) ممبر بورڈ آف گورنرز آزاد جموں وکشمیر پریس فاؤنڈیشن ضلع مظفرآباد کے انتخابات کا مرحلہ مکمل، سردار ذوالفقار علی، ایڈیٹر روزنامہ سیاست 46 ووٹ لے کر ممبر بورڈ آف گورنرز آزاد جموں وکشمیر پریس فاؤنڈیشن ضلع مظفرآباد منتخب۔ نتائج کے مطابق پریس فاؤنڈیشن ضلع مظفرآباد کے کل 76 رجسٹرڈ ووٹوں میں سے 50 ووٹ پول ہوئے۔ 46 ووٹ سردار ذوالفقار علی جب کہ 03 ووٹ ان کے مدمقابل سید ابرار حیدر نے حاصل کیے (بقیہ 29 صفحہ 03)



اسلام آباد: وزیراعظم پاکستان شہباز شریف سے چینی سفارتکار ملاقات کر رہے ہیں

پونچھ میں 2 کشمیری شہید، مودی ایجنڈا بین الاقوامی سطح پر بے نقاب

مقبوضہ کشمیر میں قابض بھارتی فوج کی دہشت گردی جاری، گھر گھر تلاشی، مختلف علاقوں کا محاصرہ

مودی کے ہندوتوا نظریات اور اسکے اثرات کے حوالے سے برطانیہ کے ہوم آفس کی جانب سے اہم رپورٹ منظر عام پر آگئی

سرینگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں وکشمیر میں قابض بھارتی فوج نے اپنی ریاستی دہشت گردی کی تازہ کارروائی کے دوران ضلع پونچھ میں مزید دو کشمیری نوجوانوں کو شہید کر دیا۔ قابض بھارتی فورسز نے جمعہ کو بھی مختلف علاقوں میں مسلسل چوتھے روز بھی محاصرے اور تلاشی کی کارروائیاں جاری (بقیہ 32 صفحہ 03)

لندن (کے پی آئی) بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے ہندوتوا نظریات اور اسکے اثرات بین الاقوامی سطح پر بھی بے نقاب ہو رہے (بقیہ 33 صفحہ 03)

سی ایس ایس کے نتائج، درخواستگزاروں کو سن کر فیصلہ کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ہائیکورٹ میں سی ایس ایس 2024 کے نتائج سے پہلے نئے امتحانات کا انعقاد روکنے کی درخواست پر چیئرمین ایف پی ایس سی کو 6 فروری تک (بقیہ 49 صفحہ 03)

پاک فوج کا تابناک کردار ہمیشہ یاد رکھا جائیگا، عتیق خان

سکیورٹی فورسز ملک سے دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، خطاب

مظفرآباد (صباح نیوز) آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کے صدر وسابق وزیراعظم سردار عتیق احمد خان نے سکیورٹی فورسز کی شمالی وزیرستان میں آپریشن میں میجر سمیت 2 جوانوں کی شہادت پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ سکیورٹی فورسز ملک سے دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، (بقیہ 50 صفحہ 03)

صدر آزاد کشمیر کا میر صدیق کی وفات پر اظہار افسوس

اسلام آباد (دھرتی نیوز) صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے (بقیہ 51 صفحہ 03)

چاروں اضلاع میں یوم یکجہتی کشمیر کی تقریبات منعقد کرنے کا اعلان

راولاکوٹ، حویلی، باغ اور سدھنوتی کے تمام تعلیمی اداروں میں تقریبات کا بھرپور انداز میں انعقاد کیا جائے گا

متعلقہ مقامات پر انسانی ہاتھوں کی زنجیر بنائی جائے گی، شہداء کے ایصال وثواب کیلئے دعا بھی ہوگی، ریحانہ شاہ محمد

پلندری (نامہ نگار) ڈویژنل ڈائریکٹر تعلیمات نسواں پونچھ ریحانہ شاہ محمد نے کہا ہے کہ پانچ فروری کو یوم یکجہتی کشمیر بھرپور طریقے سے منایا جائے گا راولاکوٹ حویلی باغ اور سدھنوتی کے تمام تعلیمی اداروں میں تقریبات کا انعقاد اور متعلقہ مقامات پر انسانی ہاتھوں کی زنجیر بنائی جائے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے اخبارنویسوں سے گفتگو کے دوران کیا انہوں نے بتایا کہ حکومتی احکامات کی روشنی میں سیکرٹریٹ اور نظامت اعلیٰ تعلیمات سے نوٹیفکیشن (بقیہ 52 صفحہ 03)

دھیرکوٹ کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرینگے، صدر

جلد باغ کا دورہ کرکے کارکنوں سے ملاقاتیں کریں گے، بیرسٹر سلطان

اسلام آباد (دھرتی نیوز) صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے صباء شمشاد ایڈووکیٹ کی قیادت میں دھیرکوٹ اور باغ کے وفد کی ایوان صدر کشمیر ہاؤس اسلام آباد میں تفصیلی ملاقات۔ اس موقع پر وفد میں راجہ شمشاد، سردار فیضان عباسی، سردار جاوید عباسی، راجہ عدنان، راجہ نعیم (بقیہ 48 صفحہ 03)

10 مئی کا احتجاج، مزید 10 مجرمان کی سزائیں معطل

تمام اپیل کنندگان کو ہر سماعت پر عدالت کے سامنے پیش ہونے کا حکم

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ہائیکورٹ نے سابق وزیراعظم عمران خان کی گرفتاری کے بعد 10 مئی 2023 کے احتجاج پر درج مقدمہ کے 10 مجرمان کی سزا معطل کردی اور رہائی کا حکم دے دیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس محسن اختر کیانی اور جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان (بقیہ 47 صفحہ 03)

صدر مملکت کا نیشنل ایرواسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کا دورہ

سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک ترقی کے سفر میں اہم سنگ میل ہے، آصف زرداری

راولپنڈی/اسلام آباد (صباح نیوز) صدر مملکت آصف علی زرداری نے جمعہ کو پاک فضائیہ کے زیر اہتمام نیشنل ایرواسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک کا دورہ کیا۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو بھی اس موقع (بقیہ 46 صفحہ 03)

بنجوسہ میں ایک رہائشی مکان آتشزدگی سے جل کر خاکستر

قیمتی اشیاء بھی راکھ کے ڈھیر میں تبدیل، آگ لگنے کی وجوہات کا علم نہ ہوسکا

بنجوسہ (دھرتی نیوز) بنجوسہ میں گزشتہ روز ایک رہائشی مکان آتشزدگی کے باعث جل گیا، گھر میں موجود قیمتی اشیاء و دیگر سامان بھی آگ کی لپیٹ سے محفوظ نہ رہ سکا اور مجموعی طور پر لاکھوں (بقیہ 45 صفحہ 03)

بغیر شواہد کسی کو سزا نہیں دے سکتے، جسٹس امین الدین

کوئی بہت بڑا دہشت گرد ہوگا مگر سوال یہ ہے کہ ٹرائل کہاں ہوگا

اسلام آباد (صباح نیوز) فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کے خلاف دائر درخواستوں کی سماعت کے دوران سپریم کورٹ آف پاکستان کے آئینی بینچ کے سربراہ جسٹس امین الدین خان نے ریمارکس دیئے ہیں کہ اس میں کوئی دوسری رائے نہیں آئین سے منافی قانون سازی کو عدالت دیکھ (بقیہ 44 صفحہ 03)

عباسپور، گھر کو نذر آتش کرنے کا واقعہ، مرکزی ملزم گرفتار

حوالات بند، دیگر ملزمان کی گرفتاری کیلئے پولیس کے لگاتار چھاپے جاری

عباسپور (دھرتی نیوز) ضلع بھر میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف لگاتار کارروائیاں جاری، بابر رفیق ایس ایچ او تھانہ عباسپور معہ ملازمین تھانہ نے کارروائی کرتے ہوئے محکمہ مال کی طرف سے لگائی جانے والی باڑ/حد بندی اکھاڑنے کی رپورٹ پر مقدمہ درج کرتے ہوئے چیف ملزم (بقیہ 43 صفحہ 03)

آزاد کشمیر بھر میں پولیو مہم 3 فروری سے شروع ہوگی، تمام تر انتظامات مکمل

3 فروری تا 7 فروری 2025 گھر گھر جاری رہنے والی اس مہم کیلئے تمام کمیٹیاں تشکیل دے دی گئی ہیں

ضلع پونچھ کے پانچ سال سے کم عمر 85885 بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، ڈپٹی کمشنر پونچھ

مظفرآباد (پی آئی ڈی) آزاد کشمیر کے تمام اضلاع، مظفرآباد، نیلم، جہلم ویلی (ہٹیاں)، باغ، حویلی، پونچھ، سدھنوتی، کوٹلی، میرپور اور بھمبر میں سوموار 3 فروری تا 7 فروری 2025 پولیو گھر گھر مہم کا آغاز ہو رہا ہے، جس میں پانچ سال سے کم عمر کے ہر بچے کو پولیو ویکسین کے قطرے پلائے جائیں گے۔ اس مہم

راولاکوٹ (پی آئی ڈی) ڈپٹی کمشنر پونچھ ممتاز کاظمی نے بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا آغاز کر دیا۔ 3 تا 7 فروری تک جاری (بقیہ 34 صفحہ 03)

پنجاب میں پاکستان کی پہلی ای وی بس سروس کا افتتاح

بس سٹینڈ پر سولر فین اور واٹر کولر کی تنصیب کا بھی جائزہ لینے کی ہدایت

لاہور (صباح نیوز) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پاکستان کی پہلی مکمل ای وی بس سروس کا افتتاح کر دیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے الیکٹرک بس میں سواری کی اور تفصیلی معائنہ بھی کیا، صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر نے ای وی بس کے بارے میں وزیراعلیٰ کو تفصیلی بریفنگ دی۔ (بقیہ 35 صفحہ 03)

ظہور احمد کی 16ویں، نور محمد کی 28ویں برسی آج منائی جائیگی

لاہور، احمد یار (صباح نیوز) ٹی وی، ریڈیو اور اسٹیج کے معروف فنکار ظہور احمد کی 16 ویں برسی اور پاکستان ٹیلی وژن کے (بقیہ 36 صفحہ 03)

جامعہ کشمیر کے زیر اہتمام یوم یکجہتی کشمیر کے رنگا رنگ پروگرامز کی تیاریاں

مرکزی سیمینار بعنوان کشمیر کی آزادی: ہمارا عزم اور کردار کے انعقاد سمیت، یکجہتی واک بھی کی جائے گی

یونیورسٹی فیکلٹی ممبران، سربراہان شعبہ جات، آفیسران، ملازمین اور طلبہ بھرپور انداز میں شریک ہونگے، فیصلہ

مظفرآباد (صباح نیوز) آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹی مظفرآباد میں یوم یکجہتی کشمیر کو بھرپور انداز میں منانے کے لیے رنگا رنگ پروگرامز کی تیاریاں شروع کردی گئیں۔ جامعہ کے شعبہ تعلقات عامہ سے جاری ایک پریس ریلیز کے مطابق پروگرامز کی تیاریوں کو حتمی شکل دینے کے لیے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد کلیم عباسی کی زیر صدارت ایک اعلیٰ سطحی اجلاس سٹی کیمپس میں منعقد ہوا جس میں رجسٹرار اور ڈینز پروفیسر ڈاکٹر غلام مرتضیٰ، کنٹرولر امتحانات (بقیہ 37 صفحہ 03)

پی آئی اے میں اربوں روپے کی ایک اور کرپشن کہانی

قومی ایئرلائن نے ملازمین کے 3 ارب روپے خرد برد کردیئے، پالپا کا انکشاف

کراچی (صباح نیوز) قومی فضائی کمپنی پی آئی اے میں پنشن فنڈ کی چار ارب روپے سے زائد رقم کا سراغ نہ ملنے کے بعد ایک اور اسکینڈل سامنے آ گیا ہے۔ قومی فضائی کمپنی کے (بقیہ 38 صفحہ 03)

عمران خان اور بشریٰ بی بی کی سزا کیخلاف اپیل دوبارہ دائر

اسلام آباد (صباح نیوز) 190 ملین پاؤنڈز کیس میں عمران خان اور بشریٰ بی بی نے سزا کے خلاف اپیل دوبارہ دائر کردی۔ بانی (بقیہ 40 صفحہ 03)

امریکی طیارہ حادثے میں پاکستانی خاتون بھی جاں بحق

عسری حسین امریکن ایئرلائنز کی پرواز 5342 میں سوار تھیں، شوہر کا بیان

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکا میں ایک افسوسناک فضائی حادثے میں ہلاک ہونے والوں میں پاکستانی خاتون عسری حسین بھی شامل تھیں، عسری حسین کے شوہر حماد رضا نے میڈیا (بقیہ 39 صفحہ 03)

قومی کمیشن برائے وقار نسواں کا پیکا ایکٹ 2025 پر تحفظات کا اظہار

اسلام آباد (صباح نیوز) قومی کمیشن برائے وقار نسواں نے پیکا ایکٹ (PECA) (بقیہ 41 صفحہ 03)

چکار کے علاقہ سربالہ میں اندھے قتل کا معمہ قاتل سمیت خاتون گرفتار

پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے کارروائی کرتے ہوئے مختصر وقت میں ملزمان سے آلہ قتل بھی برآمد کر لیا

جہلم ویلی ایک پرامن ضلع ہے اور کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی، ایس ایس پی

چناری (صباح نیوز) ضلع جہلم ویلی کی تحصیل چکار کے علاقہ سربالہ میں اندھے قتل کا معمہ حل ہو گیا، جہلم ویلی پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے قتل چند گھنٹوں میں ٹریس، قاتل اور خاتون سہولت کار کو گرفتار کرتے ہوئے آلہ قتل پستول برآمد کر لی، عوامی حلقوں کا پولیس کارروائی کا خیر مقدم۔ تفصیلات کے مطابق 30 جنوری کی رات تقریباً 2 بجے چکار پولیس کو اطلاع ملی کہ اندرا میری لنک روڈ، سربالہ (حدود تھانہ چکار) پر نامعلوم شخص (بقیہ 42 صفحہ 03)

LEARN & GO ACADEMY
Learn to Deliver

LEARN & GO ACADEMY
LEARN TO DELIVER

AN ENDEAVOUR TO PROVIDE QUALITY TUITION
FOUNDER: AAMIR SHABIR KHAN
CO-FOUNDER: MS MUGHARQA ZAIB

Starting From 1st Feb 2025

About Us
- Experienced & Qualified Staff
- Easy to Access
- Periodic Feedback to Parents
- Holistic Enviornment

Timings
- Mon to Sat: 3 to 5 pm
- Sun: Off

Programs Offered
- Subject classes from 9th to 12th
- 2 x months English Language Course
- 2 x months Tajweed Course
- Dars e Quran for kids
- Daily base & winter vacations home work from class 1st - pre 9th

Charges
- Rs 4000/- per subject (negotiable)
- Rs 6000/- per month for English Language Course
- Rs 2000/- per month for Tajweed & Dars - Quran

Contact with us:
☎ 03039110459
03345005112
Grammar Public School,
CMH Bypass Road, Rawalakot

روزنامہ دھرتی راولاکوٹ شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

Cotton Cop Kids
COMING SOON
GRAND OPENING CEREMONY On Saturday
1st February 2025 at 02:00 pm
Cotton Cop Kids 60% OFF
GRAND OPENING SPECIAL SALE
Near Jamila Clinic Quaid-e-Azam Market Nala Bazar Rawalakot Azad Kashmir. Mobile: 0336-9364016

باختیار لوکل گورنمنٹ کے قیام تک جدوجہد جاری رکھیں گے، نمبردار نذیر خان

1ارب کی منظوری، لوکل گورنمنٹ ایکٹ میں ترمیم کیلئے پارلیمانی کمیٹی کی تجاویز طلب کرنے کا اقدام مسترد کرتے ہیں

بلدیاتی نمائندگان کی مشاورت سے تیار کردہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2024 کا بل فوری طور پر اسمبلی سے منظور کیا جائے

ہیلتھ پیکج منسوخ کر کے یہ اختیار کونسلز کو تفویض کیا جائے، دیگر محکمہ جات کے پیکجز پر بھی بذریعہ کونسلز عملدرآمد کیا جائے

کونسلز کی ضروریات، سٹاف، دفاتر اور دیگر لوازمات پورے کیے جائیں ورنہ راست اقدام پر مجبور ہونگے

ہورنہ میرہ (دھرتی نیوز) جموں کشمیر پیپلز پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر و ڈسٹرکٹ کونسلر یونین کونسل ہورنہ میرہ نمبردار سردار محمد نذیر خان نے کہا ایک بلدیاتی نمائندگان نے حکومت کی طرف سے ایک ارب روپے کی منظوری اور لوکل گورنمنٹ ایکٹ میں ترمیم کے لیے پارلیمانی کمیٹی کی تجاویز طلب کرنے کے اقدام کو مسترد کر دیا ہے۔ (بقیہ 01 صفحہ نمبر 03 پر)

ہم پاک چین دوستی کے امین اور محافظ ہیں، عطا اللہ تارڑ

ون بیلٹ ون روڈ منصوبہ پاک چین دوستی کا جیتا جاگتا ثبوت ہے، گفتگو

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات، قومی ورثہ و ثقافت عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ ہم پاک چین دوستی کے امین اور محافظ ہیں، پاک چین دوستی ہمارے دلوں کے قریب اور ورثے میں ملی ہے، یہ آنے والے وقتوں کی محتاج نہیں، ون بیلٹ ون روڈ پاک چین دوستی کا جیتا جاگتا ثبوت ہے، ہمارا قومی فریضہ ہے کہ پاک چین دوستی کو زیادہ مضبوط کر کے اگلی نسلوں تک پہنچائیں۔ (بقیہ 02 صفحہ نمبر 03 پر)

بی جے پی اور آر ایس ایس نفرت پھیلا رہی ہیں، راہول گاندھی

نئی دہلی (کے پی آئی) بھارت میں حزب اختلاف کی جماعت کانگریس پارٹی کے رہنما اور لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف راہول گاندھی نے کہا ہے کہ بی جے پی اور آر (بقیہ 03 صفحہ نمبر 03 پر)

باغ، کسی بھی ملک کی تعمیر و ترقی میں این جی اوز کی بھرپور خدمات کا اعتراف

نیشنل و انٹرنیشنل این جی اوز نے تعلیم، صحت، پانی، ودیگر کئی شعبوں میں نمایاں خدمات سرانجام دی ہیں

آج کے اس جدید اور کمپیوٹرائز دور میں بچوں کو جدید تعلیم و تربیت سے آراستہ کرنا وقت کی ہے، سلطان علی و دیگر کا خطاب

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سلطان علی طاہر، ایگزیکٹو (CDRS) عبید الرحمٰن نے کہا ہے کہ کسی بھی ملک علاقے کی تعمیر و ترقی میں این جی اوز نے بھرپور کردار ادا کیا ہے، آزاد کشمیر میں زلزلہ کے بعد نیشنل و انٹرنیشنل این جی اوز نے تعلیم، صحت، پانی، ودیگر کئی شعبوں میں نمایاں خدمات سرانجام دی ہیں جس کو آزاد کشمیر کے عوام ساری زندگی یاد رکھیں گے۔ (انٹرنیشنل این جی اوز CDRS) کی باغ کے لیے نمایاں (بقیہ 04 صفحہ نمبر 03 پر)

اشاعت القرآن ویلفیئر ٹرسٹ ہورنہ میرہ کی کمپیوٹر لیب کا افتتاح

افتتاح صدر ٹرسٹ سردار جاوید صادق خان نے اپنے دست مبارک سے کیا، اہل علاقہ کی بھی کثیر تعداد میں شرکت

ہورنہ میرہ کی سر دم خیز دھرتی نے ہمیشہ عظیم سپوتوں کو جنم دیا، ہمیشہ اپنی خدمات کے سفر کو جاری رکھیں گے، تقریب سے خطاب

ہورنہ میرہ (دھرتی نیوز) اشاعت القرآن ویلفیئر ٹرسٹ ہورنہ میرہ کی کمپیوٹر لیب کا افتتاح گزشتہ روز کر دیا گیا، افتتاح ٹرسٹ کے صدر سردار جاوید صادق خان نے اپنے دست مبارک سے کیا، اس موقع پر اہل علاقہ و تاجران کی بھی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی جنہوں نے اس اقدام کو انتہائی خوش آئند قرار دیتے ہوئے ذمہ داران کو خراج تحسین بھی پیش کیا، اس موقع پر ایک تقریب بھی منعقد کی گئی جس سے خطاب کرتے ہوئے سردار جاوید صادق (بقیہ 05 صفحہ نمبر 03 پر)

جہلم ویلی میں لوڈشیڈنگ کا مسئلہ حل کیا جائے گا، اشفاق گیلانی

تمام محکمہ جات امانت اور دیانت داری سے اپنے فرائض سرانجام دیں، خطاب

چناری (صباح نیوز) ڈپٹی کمشنر جہلم ویلی سید اشفاق گیلانی نے کہا ہے کہ ضلع جہلم ویلی ایک پرامن ضلع ہے جرائم کی شرح بہت کم ہے لوڈ شیڈنگ کا بڑا مسئلہ ہے جس کو اگلے (بقیہ 06 صفحہ نمبر 03 پر)

عمران خان کی رہائی کیلئے عبدالقیوم نیازی کی کاوشیں لائق تحسین ہیں، خواجہ شفیق

مظفرآباد (صباح نیوز) تحریک انصاف آزاد کشمیر کے مرکزی سیکرٹریٹ کے (بقیہ 07 صفحہ نمبر 03 پر)

سیرا ڈی آر یو کے ملازمین کی مشکلات کا خاتمہ کیا جائے، سردار وحید خان

ایرا اسلام آباد نے سیرا کے ملازمین کو اپنی پے رول سے ہٹانے کا فیصلہ کیا ہے جس سے شدید مسائل پیدا ہوں گے

وہ ملازمین ہیں جنہوں نے عوام کے لیے انتھک محنت کی، آج خود انصاف کے منتظر ہیں، صدر کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن پونچھ

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن ضلع پونچھ کے صدر سردار وحید خان نے کہا ہے کہ 2005 کے ہولناک زلزلے کے بعد آزاد کشمیر کی بحالی اور تعمیر نو کے لیے قائم کردہ ادارہ ایرا Earthquake and Reconstruction Rehabilitation (بقیہ 08 صفحہ نمبر 03 پر)

وقف ترمیمی ایکٹ بھارت کے مسلمانوں پر شدید حملہ قرار

اس بل سے مسلمان مزید پسماندہ ہوں گے، پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی

سرینگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر میں پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کے رہنما وحید پرہ نے وقف ترمیمی ایکٹ کو بھارت کے مسلمانوں پر ایک حملہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس بل سے مسلمان مزید پسماندہ ہوں گے۔ وحید پرہ نے ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا کہ بھارت میں مسلمان پہلے ہی سب سے پسماندہ ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت میں مسلمانوں سے نفرت انگیز (بقیہ 19 صفحہ نمبر 03 پر)

لندن: پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری ریاض کا دورہ برطانیہ کے موقع پر مختلف شخصیات کے ساتھ فوٹو

موجودہ سیاسی بحران کے ذمہ دار سکندر سلطان راجہ ہیں، عمر ایوب

حکومت آزادی اظہار رائے پر قدغن لگا رہی ہے، پیکا ایکٹ کو مسترد کرتے ہیں

سرگودھا (صباح نیوز) اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی و رہنما تحریک انصاف عمر ایوب نے کہا ہے کہ موجودہ سیاسی بحران کے ذمہ دار سکندر سلطان راجہ ہیں، حکومت آزادی اظہار رائے پر قدغن لگا رہی ہے، پیکا ایکٹ کو مسترد کرتے ہیں۔ سرگودھا میں عدالت پیشی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی عمر ایوب نے کہا کہ پاکستان میں آزادی کے صحافت یا آزادی کی بات کرنے (بقیہ 18 صفحہ نمبر 03 پر)

نیلم: ڈپٹی کمشنر ندیم احمد 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے ضلعی آفیسران کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملتان، بزرگ شہری پر ایس ایچ او کے تشدد کی ویڈیو وائرل

وزیراعلیٰ پنجاب کا نوٹس، پولیس افسر کو معطل کر کے گرفتار کرنے کا حکم

ملتان (صباح نیوز) ملتان کے علاقے میں بزرگ شہری پر ایس ایچ او کے تشدد کی ویڈیو وائرل ہو گئی، وزیراعلیٰ پنجاب نے نوٹس لے لیا۔ شہری موٹر سائیکل پر جا رہا تھا کہ اس دوران ایس ایچ او نے اسے موٹر سائیکل سے نیچے گرا دیا۔ بعد ازاں سی پی او نے واقعے کا نوٹس لے کر ایس ایچ او شفیق کو معطل کر دیا۔ علاوہ ازیں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے بھی واقعہ کا نوٹس لیا اور کہا کہ یہ (بقیہ 17 صفحہ نمبر 03 پر)

لاہور ہائیکورٹ کا زیرزمین پانی کی سطح میں کمی پر اظہار تشویش

جب تک واٹر میٹر نہیں لگیں گے پانی ضائع ہوتا رہے گا، جسٹس شاہد کریم

لاہور (صباح نیوز) لاہور ہائیکورٹ نے زیر زمین پانی کی سطح میں مسلسل کمی پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے سموگ کے تدارک کے لئے (بقیہ 16 صفحہ نمبر 03 پر)

حکومت جوڈیشل کمیشن سے کترا رہی ہے، فیصل چوہدری

پارلیمنٹ میں بیٹھی حکمراں جماعتیں مذاکرات میں غیر سنجیدہ ہیں، گفتگو

اسلام آباد (صباح نیوز) بانی پی ٹی آئی کے وکیل فیصل چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت جوڈیشل کمیشن سے مسلسل کترا رہی ہے۔ جی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل چوہدری نے کہا (بقیہ 15 صفحہ نمبر 03 پر)

ویاں بالا: جہلم ویلی پولیس نے قتل مقدمہ کے مرکزی ملزم کو گرفتار کر رکھا ہے جبکہ مرزا زاہد حسین بریفنگ دے رہے ہیں

ملک کی ترقی، بہتری کیلئے بات کرنے کو تیار ہیں، رانا ثنا اللہ

وزیراعظم نے مذاکرات کی آفر کی ہے، ڈائیلاگ کرنا بنیادی شرط ہے، گفتگو

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ ملک کی بہتری کے لئے بات کرنے کو تیار ہیں۔ جی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ 14 صفحہ نمبر 03 پر)

باغ، شاہد لون نے حفظ قرآن کریم کی سعادت حاصل کر لی

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تحصیل ملتد حارسے سیٹھ حاجی خواجہ منظور دین لون (مرحوم) کے پوتے، سیٹھ شاہد اقبال لون کے بیٹے حسن (بقیہ 12 صفحہ نمبر 03 پر)

پنجاب کے مختلف شہروں میں انسداد پولیو مہم کا آغاز 3 فروری سے ہوگا

لاہور (صباح نیوز) پنجاب کے مختلف شہروں میں انسداد پولیو مہم کا آغاز 3 فروری سے ہوگا۔ لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد میں مہم (بقیہ 13 صفحہ نمبر 03 پر)

باغ: حسن شاہد لون کو قرآن پاک حفظ کرنے پر مہتمم مولانا عطاء اللہ شاہ و دیگر تحائف دے رہے ہیں

عوام کو کسی موقع پر اکیلا نہیں چھوڑوں گا، صاحبزادہ اشفاق ظفر

اللہ نے مجھے مخلص کارکن دیئے جو میرے ہر مشکل وقت کے ساتھی ہیں

چناری (صباح نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے مرکزی سینئر نائب صدر صاحبزادہ محمد اشفاق ظفر ایڈووکیٹ نے پیپلز پارٹی کارکنوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے (بقیہ 11 صفحہ نمبر 03 پر)

سعودی عرب بھیک مانگنے جانے کا الزام، اخراج مقدمہ کی درخواست مسترد

لاہور (صباح نیوز) لاہور ہائیکورٹ نے شہری کی سعودی عرب بھیک مانگنے (بقیہ 09 صفحہ نمبر 03 پر)

سرینگر، عوام دشمن پالیسیوں کیخلاف احتجاجی مظاہرے

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر کے کئی علاقوں میں لوگوں نے (بقیہ 10 صفحہ نمبر 03 پر)

اظہار تعزیت

پاکستان مسلم لیگ ن آزاد کشمیر کے رہنما ممتاز سیاسی و سماجی شخصیت

سردار اصغر خان کی اہلیہ محترمہ

کے انتقال پر ان کے خاندان سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔

ہم دعاگو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطاء کرے اور جملہ پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطاء فرمائے۔

منجانب:

انتظامیہ روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ

باغ، کارکردگی دکھانے والے ہی عوامی نمائندگی کا حق رکھتے ہیں، ضیاء القمر

وسطی باغ میں تعمیر و ترقی کا سفر شروع ہو چکا الیکشن میں عوام سے کیا ہوا ایک ایک وعدہ ایفاء کریں گے

روایتی سیاست کا دور ختم ہو چکا، وزیراعظم جلد بیرپانی کے دورہ کے دوران خود کریں گے، وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) آزاد حکومت کے وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی سردار ضیاء القمر نے کہا ہے کہ روایتی سیاست کا دور ختم ہو گیا اب کارکردگی دینے والے ہی عوام کے نمائندے ہوں گے وسطی باغ میں تعمیر و ترقی کا سفر شروع ہو چکا الیکشن میں عوام سے کیا ہوا ایک ایک وعدہ ایفاء کریں گے بیرپانی سب ڈویژن کے قیام کے ساتھ ہی نادرا آفس عوام کی دہلیز پر لے آئے ہیں بیرپانی سمیت پورے حلقے کی عوام کے لیے جلد مزید منصوبے لائیں گے (بقیہ 20 صفحہ نمبر 03 پر)

باغ: آزاد حکومت کے وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی سردار ضیاء القمر، سردار وحید، ڈاکٹر نذیر بابر بیگ، عثمان حنیف، سردار یونس و دیگر بیرپانی نادرا آفس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

راولاکوٹ، معروف کاروباری مرکز کی پروقار افتتاحی تقریب کا انعقاد

میگا کارپٹس کا افتتاح صدر سردار عمر نذیر کشمیری نے اپنے دست مبارک سے کیا، تاجران کی بھرپور شرکت

ایگزیکٹو ڈائریکٹر خلیل احمد کو خراج تحسین، کاروبار میں ترقی کیلئے دعائیں، مٹھائی تقسیم، نیک خواہشات کا اظہار

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) افضل کمپلیکس سی ایم ایچ بائی پاس روڈ پر واقع معروف کاروباری مرکز میگا کارپٹس کا افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاح جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے مرکزی رہنما کے صدر سردار عمر نذیر کشمیری نے اپنے دست مبارک سے کیا۔ اس موقع پر تاجران، شہریوں اور صحافیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ میگا کارپٹس کے مالک خلیل احمد راولاکوٹ شہر کے معروف کاروباری شخصیت ہیں جنہوں نے عوام کی سہولیات کے پیش نظر معیاری (بقیہ 21 صفحہ نمبر 03 پر)

اسلام آباد، جماعت اسلامی کا اضافی بجلی بلز، ٹیکسز کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

مظاہرین نے ”چور چوکیدار کو ایک دھکا اور دو، کم کرو کم کرو بجلی کی قیمت کم کرو“ سمیت دیگر نعرے لگائے

عوام کو ریلیف نہ دیا گیا تو دوبارہ دھرنہ دیں گے، میاں محمد اسلم و دیگر مقررین کا منعقدہ مظاہرے سے خطاب

اسلام آباد (صباح نیوز) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی کال پر جماعت اسلامی اسلام آباد کی طرف سے بجلی کے ظالمانہ ٹیکسوں، ناجائز بلوں اور لوڈشیڈنگ کے خلاف کراچی کمپنی میں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرے کی قیادت نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان میاں اسلم اور امیر جماعت اسلامی اسلام آباد نصراللہ رندھاوا نے کی۔ مظاہرین نے بجلی گردی کی سرکار بجلی بلوں کی بھرمار کی سرکار نہیں چلے گی، چور چوکیدار کو (بقیہ 22 صفحہ نمبر 03 پر)

مظفرآباد: جماعت اسلامی آزاد کشمیر کے امیر ڈاکٹر محمد مشتاق خان عوامی رابطہ مہم کے دوران تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

باغ، العصر ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام تقریبات

40 خواتین نے سلائی کورس مکمل کر لیا، 20 مستحقین میں مشینیں بھی تقسیم

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) العصر ویلفیئر آرگنائزیشن چترہ ٹوپی باغ آزاد کشمیر کے شعبہ بہبود خواتین کے زیر اہتمام چلنے والے ساتویں اور آٹھویں فری سلائی کورسز کی (بقیہ 24 صفحہ نمبر 03 پر)

سندھ میں 5 فروری کو عام تعطیل کا اعلان، نوٹیفکیشن جاری

کراچی (صباح نیوز) سندھ حکومت نے صوبے میں 5 فروری کو عام (بقیہ 23 صفحہ نمبر 03 پر)

باغ: العصر ویلفیئر آرگنائزیشن چترہ ٹوپی کے شعبہ بہبود خواتین کے زیر اہتمام فری سلائی کورسز کی اختتامی تقریب میں ڈی او سردار سلطان علی و دیگر شیلڈ تقسیم کر رہے ہیں

مقبوضہ کشمیر میں قابض بھارتی فوج کی بڑھتی ہوئی ظالمانہ کارروائیاں

جموں کشمیر ماس موومنٹ کی جانب سے سخت اظہار تشویش، عالمی اداروں سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

عالمی برادری مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارت کو کشمیریوں کی نسل کشی سے روکے، عبدالرشید لون و دیگر کا خطاب

سرینگر (کے پی آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس کی اکائی جماعت جموں و کشمیر ماس موومنٹ نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں قابض بھارتی فوج کی بڑھتی ہوئی ظالمانہ کارروائیوں پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت کی غاصب فوج نے کشمیریوں کا جینا مشکل بنا دیا ہے کشمیریوں کا (بقیہ 25 صفحہ نمبر 03 پر)

باغ: ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سلطان علی طاہر (CDRS) کے ایگزیکٹو عبید الرحمٰن DEO عذرا فیاض، مشتاق خان، بشیر صدیقی، نعیم اکرم، حنیف ثاقب و دیگر گورنمنٹ بوائز مڈل سکول چیڑ خان کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

For DAILY KASHMIR DHARTI NEWS UPDATE
FOLLOW US ON
Kashmir Dharti Digital
Dailydharti/facebook
Dailydharti/group
Dailydharti/twitter
Dailydharti/Instagram
Dailydharti/zoom
HD NEWS

چیف ایڈیٹر و پبلشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com

بقیہ 1

جب تک مطالبات منظور نہیں ہوتے کوئی گرانٹ نہیں لی جائے گی۔ لوکل گورنمنٹ ایکٹ میں ترمیم بھی بلدیاتی نمائندگان کو قبول نہیں ہے۔ بلدیاتی نمائندگان کی مشاورت سے تیار کردہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2024 کا بل فوری طور پر اسمبلی سے منظور کیا جائے اور دیگر مطالبات منظور کیے جائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمارا مطالبہ ہے کہ متفقہ طور پر منظور شدہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ کا مسودہ فوری طور پر اسمبلی سے منظور کیا جائے۔ ضلعی افسران کے ایکس آفیشو ممبر کا نوٹیفکیشن جاری کر کے اس پر عملدرآمد کروایا جائے۔ ہیلتھ مینجمنٹ منسوخ کر کے یہ اختیار کونسلز کو منتقل کیا جائے۔ دیگر محکمہ جات کے محکمے پر بھی بذریعہ کونسلز عملدرآمد کیا جائے۔ لوکل گورنمنٹ کا سو فیصد بجٹ اور فنانس کمیشن کے ذریعے دیگر شعبہ جات کا ترقیاتی بجٹ بالحاظ آبادی کونسلز میں تقسیم کیا جائے۔ بااختیار نظام حکومت کے لیے تمام محکموں کے دفاتر ڈی ٹی سی کیے جائیں۔ خالی ہونے والی نشستوں پر انتخابات کروانے کے لیے الیکشن کمیشن کو فنڈز جاری کیے جائیں۔ کونسلز کی ضروریات، سٹاف، دفاتر اور دیگر لوازمات فوری طور پر پورے کیے جائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ان مطالبات کی منظوری تک نہ تو حکومت سے مذاکرات ہوں گے اور نہ ہی کوئی پیکیج یا فنڈز لیے جائیں گے۔ انکا کہنا تھا کہ پورے آزاد کشمیر کے بلدیاتی نمائندوں نے یہ متفقہ فیصلہ کر رکھا ہے اور اگر مطالبات منظور نہ ہوئے تو اگلے مرحلے میں مظفرآباد کی طرف لانگ مارچ اور اسمبلی کے گھیراؤ کا اعلان کرنے میں ہم حق بجانب ہوں گے۔ انکا کہنا تھا کہ بااختیار لوکل گورنمنٹ کے قیام تک ہم جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ 2

یہ بات انہوں نے پاک چائنہ میڈیا گروپ کے زیر اہتمام چینی کے نئے قمری سال اور موسم بہار کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ کئی دہائیوں پر محیط پاک چین دوستی ہمیں اپنے آباؤ اجداد سے ورثے میں ملی ہے جو ہمارے دلوں کے بہت قریب ہے، اس دوستی کی بنیاد حکومت سے حکومت اور عوام کے درمیان گہرے اور انمول تعلق پر ہے دونوں ملکوں کے درمیان سرحدوں کے ساتھ ساتھ پہاڑ اور شاہراہیں بھی شریک ہیں۔ پاک چین دوستی مضبوط بندھن ہے جو ہمالیہ سے اونچی، سمندروں سے گہری اور شہد سے میٹھی ہے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ وہ سی پیک کے پہلے پروگرام کا 6 مرتبہ حصہ رہے ہیں، چین کے جن شہروں میں بھی وہ گئے وہاں کبھی ملک سے باہر ہونے کا احساس نہیں ہوا، وہاں ہمیشہ اپنائیت کا احساس ہوا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اس بات پر خوشی اور فخر ہے کہ دونوں ممالک کے عوام ایک دوسرے کی عزت اور احترام کرتے ہیں، پاک چین دوستی کا لازوال سفر جاری و ساری ہے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ ون بیلٹ ون روڈ صدر شی جن پنگ کا شاندار اور مثالی منصوبہ ہے، اس سے معیشت کے ثمرات جڑے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک کا پہلا مرحلہ مکمل ہونے کے بعد ہم دوسرے مرحلے کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ گوادر ایئرپورٹ کا افتتاح ہو چکا ہے اور پہلی فلائیٹ بھی لینڈ ہو چکی ہے جو بہت بڑا سنگ میل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ون بیلٹ ون روڈ پاک چین دوستی کا جیتا جاگتا ثبوت ہے، اس سے بہت سی کہانیاں جڑی ہوئی ہیں، قراقرم شاہراہ شمال کے پہاڑی علاقوں اور ریگستانوں سے گزرتے ہوئے گوادر پر ختم ہوتی ہے جس کے بعد سمندر کا سفر شروع ہو جاتا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہم پاک چین دوستی کے امین اور محافظ ہیں، ہمارا قومی فریضہ ہے کہ پاک چین دوستی کو زیادہ مضبوط کر کے اگلی نسلوں تک پہنچائیں۔ پاک چین دوستی آنے والے وقتوں، بہار ہو یا خزاں، کی محتاج نہیں۔ انہوں نے کہا کہ میری دعا ہے کہ یہ دوستی ہمیشہ قائم و دائم رہے، پاکستان اور چین آہنی بھائی ہیں، ہمیشہ اچھے اور برے وقت ساتھ دیکھے ہیں، ایسا وقت بھی دیکھا جب دونوں پر مشکل آئی تو دونوں ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے ہوئے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کے حالیہ دورہ چین کے دوران صدر شی جن پنگ کی دعوت پر ان کے آبائی شہر شیان گئے، چینی دوستوں کے شکر گزار ہیں جنہوں نے ہمیشہ تعاون فراہم کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاک چین دوستی کی مضبوطی کیلئے آخری سانس تک اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے، پاک چین دوستی زندہ باد۔

بقیہ 3

ایس ایس ملک میں نفرت پھیلانے میں ملوث ہیں۔ نئی دہلی کے علاقے دوارکا میں ایک جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی نفرت پھیلاتے ہیں کیونکہ وہ ملک کے عوام کو تقسیم کر کے ان کی دولت ذاتی اور سیاسی پیسے لوگوں کو دینا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ اپنی جان دے سکتے ہیں لیکن ہندو انتہا پسند جماعتوں بی جے پی اور آر ایس ایس سے بھی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ جن لوگوں نے مہاتما گاندھی کو قتل کیا تھا ان کے نظریات کے تحت آج بھارت کو چلایا جا رہا ہے۔ راہول گاندھی نے مزید کہا کہ بی جے پی اور عام آدمی پارٹی (اروند کیجریوال) میں کوئی فرق نہیں ہے۔ دونوں ریزرویشن اور دلت کے خلاف ہیں، دونوں ہی اقتدار صرف اپنے ہاتھوں میں رکھنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کیجریوال کو مودی جی کا نیا ورژن قرار دیا کیونکہ دونوں جھوٹ بولتے ہیں اور کھوکھلی باتیں کرتے ہیں۔

بقیہ 4

خدمات ہیں انہوں نے باغ کے اس دور افتادہ علاقے چیڑ جان میں 1939 میں قائم ہونے والا پرائمری سکول جو زلزلہ 2005 میں تباہ ہو گیا تھا اس کی تعمیر کر کے یہاں کے طلباء وطالبات کے لیے بہترین کلاس روم کے ساتھ قرآن پاک کی تعلیم کے لیے ایک بڑا ہال تعمیر کرنے پر اس تنظیم کے تمام ذمہ داران کا دلی شکریہ ادا کرتے ہیں اور خراج تحسین پیش کرتے ہیں، اس علاقے میں لوکل این جی او الاتحاد ویلفیئر آرگنائزیشن کی بھی بڑی خدمات ہیں جنہوں نے اس علاقے میں کمپیوٹر لیب کے ساتھ سڑک، راستے، سکولوں کی تعمیر، عمارات کی صورت میں صدر راجہ نعیم اکرم بھی ہر ممکن مالی تعاون کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ دنیا کی کوئی قوم تعلیم کے بغیر ترقی نہیں کر سکتی ہے، جن ممالک نے تعلیم کو ترقی کی بنیادوں پر لیا وہ آج دنیا کا مقابلہ کر رہے ہیں آج کے اس جدید اور کمپیوٹرائزڈ دور میں بچوں کو جدید تعلیم و تربیت سے آراستہ کرنا وقت کی ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ وسطی باغ کے گاؤں چیڑ جان میں گورنمنٹ بوائز مڈل سکول کے لیے تین صد بچوں کے ایک بڑا ہال، واش روم کی تعمیر کی افتتاحی تقریب سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا تقریب کی صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نسواں عزرا فیاض نے کی تقریب سے ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر سردار مشتاق خان، صدر معلم چیڑ جان میں گورنمنٹ بوائز مڈل سکول راجہ شبیر صدیقی، الاتحاد ویلفیئر آرگنائزیشن کے صدر راجہ نعیم اکرم، ممبر لوکل کونسلر عبدالمجید، راجہ حنیف ثاقب، راجہ فضل الرحمن، ڈاکٹر گلزار انقلابی، راجہ ممتاز، راجہ اکرم، قاری اعجاز

بقیہ 6

ایک دو ہفتے تک کروڑ کی مشین بیاں بالا میں نیو ٹرانسفارمر کی تنصیب یقینی بناتے ہوئے حل کر دیا جائے گا۔ تمام محکمہ جات امانت اور دیانت داری سے اپنے فرائض سرانجام دیں تمام ادارے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں، تاکہ عوام کو کسی بھی قسم کی مشکل کا سامنا نہ ہو۔ ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل کمشنر جہلم ویلی سید اشفاق گیلانی نے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی جہلم ویلی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایس پی مرزا زاہد حسین، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر طاہر رحیم مغل، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نصیر احمد سہریا، ایکسین برقیات احتشام قریشی، ایکسین شاہرات ذیشان ممتاز، ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ منظور حسین کاظمی، ڈی ایف سی جہلم ویلی سردار محمد ثاقب، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سول ڈیفنس اسد حفیظ چغتائی، اسسٹنٹ کمشنر کامران خان، اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالغفور عباسی، ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر محمد سہیل مغل، فارسٹ آفیسر علی اعجاز بیگ، زراعت آفیسر شفقت تزین، امور آفیسر محمد رفاقت، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ریسکیو 1122 خواجہ عمر رشید اور دیگر تمام محکمہ جات کے ذمہ داران شرکت کرتے ہوئے اپنے اپنے محکمہ جات کی کارکردگی کے حوالہ سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا۔ اجلاس میں طے پایا کہ دہشت گردی کے مقدمات میں ملوث ملزمان کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد کروایا جائے گا، غیر رجسٹرڈ دینی مدارس کی رجسٹریشن کے معاملات کو زیر غور لایا جائے گا، سوشل میڈیا پر مذہبی منافرت، اشتعال انگیز مواد کے پھیلاؤ کے تدارک کے لیے اقدامات اٹھائے جائیں گے، مجموعی طور پر امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھا جائے گا، پرائس کنٹرول کمیٹی روزانہ کی بنیاد پر اشیاء خورونوش کی چیکنگ کرے گی تاکہ تمام اشیاء خوردونوش کی قیمتوں کو اعتدال میں رکھا جائے، جنگلات کے کٹاؤ کو روکنے کے لیے حکمت عملی طے کرتے ہوئے جنگلات میں شرپسندوں کی طرف سے لگائی جانے والی آگ کا موثر تدارک کیا جائے گا، لوڈشیڈنگ کو کنٹرول کرنے کے لیے حکمت عملی طے کی گئی، صحت کی سہولیات کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے تجاویز پیش کی گئیں۔

بقیہ 7

نے مظفرآباد میں دفتر کا قیام تحریک انصاف ڈویژن مظفرآباد کے سیکرٹری جنرل خواجہ محمد شفیق دفتری امور کے انچارج ہوں گے۔ بلڈنگ لے کر دفتر کا قیام عمل میں لے لیا گیا بہت جلد صدر تحریک انصاف آزاد کشمیر سردار عبدالقیوم نیازی افتتاح کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ محمد شفیق نے کہا ہے کہ بانی چیئرمین تحریک انصاف کی رہائی کے لئے صدر تحریک انصاف آزاد کشمیر سردار عبدالقیوم نیازی کی کاوشیں لائق تحسین ہیں مرکزی سیکرٹریٹ کا مظفرآباد میں قیام تحریک انصاف آزاد کشمیر کے لیے بہتری کا سبب بنے گا۔ بھمبر سے لے کر تاؤبٹ تک تحریک انصاف کے کارکنان کے لیے تحریک انصاف کے مرکزی آفس کے دروازے 24 گھنٹے کھلے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم مرکزی سیکرٹریٹ کو اعلیٰ سطحی دفتر بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سردار عبدالقیوم نیازی نے تحریک انصاف کو کشمیر کے اندر مضبوط، مستحکم کر دیا انشاءاللہ بہت جلد بانی پی ٹی آئی کی رہائی ہو گی اور پاکستان سمیت کشمیر کے اندر عوامی حکومت پاکستان تحریک انصاف بنائے گی۔ خواجہ محمد شفیق نے کہا کہ تحریک انصاف کی قیادت عوامی حقوق کی جنگ لڑ رہی ہے ہم نظریہ عمران کے ساتھ چٹان کی طرح کھڑے ہیں سردار عبدالقیوم نیازی کی کال پر لبیک کہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ 8 فروری کو قیادت کی جانب سے جو بھی فیصلہ ہو گا اس پر من و عن عمل کریں گے اور ڈویژن کے تمام اضلاع کی صورت میں عوام احتجاج میں شریک ہوں گی۔ خواجہ محمد شفیق نے کہا کہ مرکزی کی جانب سے ڈویژن کے سیکرٹری جنرل کے ساتھ ساتھ مرکزی سیکرٹریٹ کی جو ذمہ داری دی گئی ہے اس کو بخوبی نبھائیں گے۔

بقیہ 8

State Authority) اور اس کے ماتحت سیرا (Earthquake Reconstruct Authority) نے خطے کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا۔ زلزلے سے تباہ حال انفراسٹرکچر کی بحالی، سکولوں، ہسپتالوں اور دیگر عوامی سہولیات کی تعمیر میں سیرا کے ماہر اور پروفیشنل ملازمین نے دن رات محنت کی۔ گو 20 سالہ خدمات کے باوجود یہ ملازمین اب تک مستقل نہ ہو سکے۔ حالیہ طور پر اسلام آباد نے سیرا کے ملازمین کو ایرا پے رول سے ہٹانے کا فیصلہ کیا ہے، جس کے بعد ان ملازمین کا روزگار خطرے میں پڑ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام کی وجہ سے کنٹریکٹرز میں شدید تشویش پائی جاتی ہے کہ ملازمین کی فراغت سے شدید مسائل پیدا ہوں گے اور دوسری طرف یہ ملازمین گزشتہ 4 ماہ سے تنخواہوں سے محروم ہیں اور شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں۔ کئی ملازمین کے گھروں کے چولہے بجھ گئے ہیں، جبکہ ان کے بچوں کی تعلیم اور گھریلو اخراجات بھی متاثر ہو رہے ہیں۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سیرا کے ملازمین کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور ان کے روزگار کو محفوظ بنایا جائے۔ یہ وہ ملازمین ہیں جنہوں نے مشکل وقت میں عوام کے لیے انتھک محنت کی اور آج خود انصاف کے منتظر ہیں۔ حکومت کو فوری اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے یہ معاملہ فوری حکومتی توجہ کا متقاضی ہے۔ سیرا کے ملازمین کو مستقل کر کے ان کی خدمات کا اعتراف کیا جانا چاہیے اور ان کی تنخواہوں کی ادائیگی یقینی بنائی جائے تاکہ وہ اور ان کے خاندان باعزت زندگی گزار سکیں۔

بقیہ 9

جانے کے الزام پر درج مقدمہ خارج کرنے کی درخواست مسترد کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس طارق سلیم شیخ نے صادق حسین سمیت دیگر کی درخواستوں پر 15 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کر دیا، ملزمان پر 20 جولائی 2024 کو ایف آئی اے ملتان نے انسانی سمگلنگ کا مقدمہ درج کیا تھا، عدالتی فیصلے میں کہا گیا ہے کہ مقدمے کے مطابق ملزمان ملتان ایئرپورٹ سے براستہ مسقط سعودی عرب سفر کر رہے تھے، مقدمے کے مطابق امیگریشن کے دوران شک گزرنے پر ملزمان سے تفتیش کی گئی، تفتیش کے دوران معلوم ہوا کہ ملزمان صادق حسین و دیگر 8 افراد سعودی عرب بھیک مانگنے کیلئے لے جا رہے ہیں، ایف آئی اے نے ملزمان پر انسانی سمگلنگ کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا، جسٹس طارق سلیم شیخ نے فیصلے میں لکھا کہ ڈپٹی اٹارنی جنرل نے رپورٹ دی کہ سعودی عرب، عراق، ملائیشیا سمیت متعدد ممالک سے شکایات آئی ہیں کہ پاکستانی یہاں آ کر بھیک مانگتے ہیں، 2023 میں وزارت اوورسیز اور ہیومن ریسورس نے سینیٹ میں رپورٹ دی کہ 90 فیصد پاکستانیوں کے ڈی پورٹ کی وجہ بھیک مانگنا ہے۔ رپورٹ کے مطابق بھیک مانگنا ایک معاشرتی مسئلہ ہے، جس کی وجہ نامناسب مواقع، بےروزگاری کا نہ ہونا ہے، انفرادی طور پر حالات کنٹرول سے باہر ہونے، یہ

بقیہ 12

شاہد لون نے باغ مدرسہ دارالعلوم سے اللہ پاک کے فضل واحسان سے قرآن پاک کا حفظ مکمل کر لیا۔ تمام جمیل اور باالخصوص والدین کیلئے اعزاز کی بات ہے اس موقع پر ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں جید علماء کرام نے شرکت کی اور مہتمم ادارہ مرکزی خطیب جامع مسجد مولانا سید عطاء اللہ شاہ و دیگر نے دستار بندی کے ساتھ تحائف بھی پیش کیے اور مبارکباد دی ہے۔ اللہ پاک ان کو باعمل دین کا داعی بنائے اور یہ اچھے عمل کو مرحومین کیلئے صدقہ جاریہ اور ہم سب کیلئے برکتوں، رحمتوں اور بخشش کا ذریعہ بنائے آمین۔

بقیہ 13

9 فروری تک جبکہ دیگر اضلاع میں 7 فروری تک جاری رہے گی۔ مہم کے دوران پنجاب میں 2 کروڑ 33 لاکھ بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں اجلاس ہوا۔ سکولوں میں امتحانات کے پیش نظر انسداد پولیو مہم میں محکمہ تعلیم سے کم عملے کی خدمات لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ چیف سیکرٹری زاہد اختر نے کہا کہ ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی موجودگی کا خطرہ برقرار ہے، ویکسینیشن کے ذریعے ہی اینٹی پولیو کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ انسداد پولیو مہم کیلئے 2654 ٹرانزٹ، 4888 فکسڈ، 85 ہزار موبائل ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔

بقیہ 33

ہیں۔ نریندر مودی کے ہندوتوا نظریات اور اسکے اثرات کے حوالے سے برطانیہ کے ہوم آفس کی جانب سے اہم رپورٹ منظر عام پر آ گئی ہے۔ مڈل ایسٹ آئی کے مطابق برطانوی حکومت کی رپورٹ میں کہا گیا کہ انتہا پسند ہندوؤں نے 2022 میں برطانیہ کے علاقے لیسسٹر فسادات کروائے، یہ فسادات اس وقت شروع ہوئے جب 200 ہندو نقاب پوش جے شری رام کا نعرہ لگاتے ہوئے علاقے میں مارچ کرتے دکھائی دیے۔ برطانوی سرکاری رپورٹ میں لیسسٹر فسادات میں ہندوتوا انتہا پسندی کو اہم وجہ قرار دیا گیا ہے۔ ڈیلی میل کی 2025 کی رپورٹ کے مطابق لیسسٹر فسادات کو بھارت کی حکمران جماعت بی جے پی کے کارکنوں نے ہوا دی تھی۔ مڈل ایسٹ آئی کے مطابق فسادات کے فوراً بعد لیسسٹر کے میئر سر پیٹر سولزبی نے کہا تھا کہ ہندوتوا نظریہ ان واقعات میں ایک اہم عنصر ہے۔ ایک رپورٹ ثابت کرتی ہے کہ کسی بڑی پالیسی دستاویز میں ہندوتوا پر تفصیل سے بات کی گئی ہے۔ یہ پہلا موقع ہے جب ہندوتوا انتہا پسندی کو کسی بڑے حکومتی دستاویز میں تفصیل سے زیر بحث لایا گیا ہے۔ برطانوی روزنامے دی گارڈین میں شائع ہونے والی لیک رپورٹ کے مطابق ہندو قوم پرستی کو انتہا پسندی کے فروغ کی اہم وجہ قرار دیا گیا۔ ہندو فار ہیومن رائٹس یو کے کے ڈائریکٹر راجیو سنہا نے مڈل ایسٹ آئی کو بتایا کہ ہندوتوا انتہا پسندی برطانیہ کیلئے بڑا خطرہ ہے، ہمیں امید ہے کہ انتہا پسندی سے نمٹنے کے لیے مزید بنیادیں فراہم کرے گی۔ مڈل ایسٹ آئی کے مطابق انتہا پسند جماعت آر ایس ایس بھارتی وزیراعظم مودی کے ساتھ قریبی تعلق رکھتی ہے اور اس کی طاقت میں اضافے کا سبب بھی ہے، برطانوی ہوم آفس کی رپورٹ میں انتہا پسندی کے کام کے دائرہ کار کو وسیع کرنے کی گئی ہے تاکہ ہندوتوا انتہا پسندی کے بڑھتے رجحان کی روک تھام کی جائے۔

بقیہ 38

ایوی ایشن ریسورس ڈیپارٹمنٹ اور فنانس ڈیپارٹمنٹ نے اپنے ہی ریٹائرڈ ملازمین سے ہاتھ کر دیا اور ان کی پنشن کی کیلکولیشن من مانے روز پر کر دی۔ کراچی پیپرز کے مطابق اس بات کا انکشاف پی آئی اے کے پائلٹوں کی تنظیم پالپا نے کیا۔ اس انکشاف کے بعد اس وقت کے وزیر ہوابازی، خواجہ سعد رفیق نے ایک کمیٹی تشکیل دی مگر اس کے باوجود کچھ نہیں ہو سکا۔ پائلٹوں کی پنشن ان کی بنیادی تنخواہ، فلائنگ الاؤنس، کٹلیٹ، ایڈہاک ریلیف اور گریجویٹی پر مشتمل ہے۔ ان میں بنیادی تنخواہ اور فلائنگ الاؤنس اہم ترین ہیں۔ پالپا کے مطابق پی آئی اے نے ایک پائلٹ کیپٹن مجیب (P-4745) کی بنیادی تنخواہوں کی پنشن کی کیلکولیشن میں 32 ہزار 666 درج کی، جبکہ ان کی آخری تنخواہ کی سلپ میں بنیادی تنخواہ ایک لاکھ پچاس ہزار 728 روپے درج ہے۔ اسی طرح ان کا فلائنگ الاؤنس ایک ہزار 531 روپے پنشن کیلکولیشن میں درج کیا گیا، جبکہ ان کی پے سلپ میں یہ فلائنگ الاؤنس 8 ہزار 530 روپے درج ہے۔ پی آئی اے کے مطابق کیپٹن مجیب کی پنشن ایک لاکھ 18 ہزار 453 روپے بنتی ہے، جبکہ پالپا کی کیلکولیشن کے مطابق ان کی پنشن 5 لاکھ 92 ہزار 873 روپے بنتی ہے۔ پالپا کے جنرل سیکرٹری، کیپٹن عمران نارنجو نے کراچی پیپرز سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ان کے پاس سیکڑوں پائلٹوں کے کیس موجود ہیں جن میں پی آئی اے انتظامیہ نے جان بوجھ کر غلط کیلکولیشن کی ہے اور اس پر مصر ہے کہ پائلٹوں کی پنشن کی کیلکولیشن آخری پے سلپ کے بجائے ان کی مرضی کے مطابق ہو گی۔ کیپٹن نارنجو نے بتایا کہ پی آئی اے میں ہی دیگر سارے ملازمین کی پنشن کی کیلکولیشن ان کی آخری پے سلپ کی بنیاد پر کی جاتی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر پائلٹوں کے سارے کیس جمع کر کے دیکھا جائے تو پی آئی اے نے لگ بھگ تین سو کروڑ روپے کی دھاندلی کی ہے۔ کیپٹن نارنجو نے کا کہنا ہے کہ دو ہزار 2022 میں اس وقت کے وزیر ہوابازی، خواجہ سعد رفیق کے علم میں لائے تھے۔ جس پر خواجہ سعد رفیق بھی حیران رہ گئے تھے اور انہوں نے اس کے لیے ڈائریکٹر فلائٹ آپریشنز، سید آصف گیلانی کی سربراہی میں ایک پنشن کمیٹی تشکیل دی تھی جس کے دیگر ارکان میں پی آئی اے کے چیف فنانشل آفیسر آصف عدیم، چیف انجینئر افضل نور، جنرل منیجر آرگنائزیشن منیجمنٹ افتخار احمد بلوچ اور منیجر پے رول محمد عمیر مرزا شامل تھے۔ اس پنشن کمیٹی نے اپنی سفارشات 24 نومبر 2022 کو پی آئی اے انتظامیہ کو پیش کر دی تھیں مگر پی آئی اے انتظامیہ نے اس رپورٹ کو قابل غور نہیں سمجھا۔

بقیہ 39

نوٹیفائیڈ کر 30 جنوری کی رات 8 بجے جب ان کی اہلیہ کا طیارہ ریگن نیشنل ایئرپورٹ کے قریب پہنچا تو انہوں نے ایک ٹیکسٹ میسج بھیجا کہ جہاز لینڈ کرنے والا ہے۔ حماد نے فوراً جواب دیا لیکن بدقسمتی سے وہ پیغام وصول نہیں ہو سکا، جس پر انہیں تشویش لاحق ہوئی۔ بعد میں یہ خدشہ حقیقت میں بدل گیا، اور عسری حسین کا وہ پیغام زندگی کا آخری پیغام ثابت ہوا۔ عسری حسین امریکن ایئرلائنز کی پرواز 5342 میں سوار تھیں، جو ایک فوجی بلیک ہاک ہیلی کاپٹر سے ٹکرا گئی۔ وہ ریاست کینساس کے شہر وچیٹا سے میرے گاؤں واپس آ رہی تھیں، لیکن یہ سفر ایک المناک سانحے میں تبدیل ہو گیا۔ 26 سالہ عسری حسین اور ان کے 25 سالہ شوہر

بقیہ 45

روپے مالیت کا نقصان ہو گیا۔ آگ لگنے کی وجوہات کا تاحال علم نہیں ہو سکا۔ مختلف سیاسی و سماجی حلقوں نے عبدالحمید ولد محمد حنیف عرف ملک حنیف سے اظہار افسوس کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ متاثرہ خاندان کی فوری طور پر بحالی کیلئے کردار ادا کریں۔

بقیہ 46

پر موجود تھے۔ دورے کے دوران صدر مملکت کو پارک کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ صدر مملکت کو بتایا گیا کہ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک پاک فضائیہ کے ترقی کے سفر میں اہم سنگ میل ہے۔ یہ منصوبہ قومی اہمیت کا حامل ہے۔ انہیں آگاہ کیا گیا کہ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک پاکستان میں علم اور ٹیکنالوجی پر مبنی معیشت کی بنیاد بننے کے لئے تیار ہے۔ پارک کا مقصد خلائی، سائبر، آئی ٹی، مصنوعی ذہانت اور ایرو اسپیس میں نجی اور پبلک سیکٹر کے اداروں کو جوڑنا ہے۔ صدر مملکت کو مزید بتایا گیا کہ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک دنیا کے بہترین ایرو اسپیس، سائبر اور آئی ٹی کلسٹرز میں سے ایک بننے کے لئے پوری طرح تیار ہے۔ پارک ابھرتی ٹیکنالوجیز، تحقیق، تجارتی اور اختراعی مراکز کے ساتھ قومی منظرنامے کو بدل دے گا۔ پارک سے ملک کو سماجی، اقتصادی، سیکیورٹی اور سائنسی طور پر فائدہ ہو گا۔ صدر مملکت نے پاک فضائیہ اور اس کے ہنر مند اہلکاروں کی تعریف کی۔ صدر مملکت نے نیشنل ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پارک میں جدید ترین تکنیکی ماحولیاتی نظام کی بھی تعریف کی۔ انہوں نے جدید جنگی چیلنجوں سے نمٹنے اور قومی دفاعی اہمیت کے منصوبے کو بے مثال مدت میں مکمل کرنے پر پاک فضائیہ کی قیادت کے وژن اور فعالیت کو سراہا۔

بقیہ 47

نے سزا کی آرڈر جاری کر دیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت نے 22 نومبر 2024 کو ملزمان کو مجموعی طور پر 5 سال 10 ماہ قید کی سزا سنائی تھی۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا کہ ایف آئی آر کے

Editorial

ادارتی صفحہ

روزنامہ کشمیر دھرتی
www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ✱ ایڈیٹر: عمر خیام

بلدیاتی نمائندگان کے مطالبات

بلدیاتی نمائندگان نے حکومت کی طرف سے ایک ارب روپے کی منظوری اور لوکل گورنمنٹ ایکٹ میں ترمیم کے لیے پارلیمانی کمیٹی کی تجاویز طلب کرنے کے اقدام کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب تک مطالبات منظور نہیں ہوتے کوئی گرانٹ نہیں لی جائے گی۔ لوکل گورنمنٹ ایکٹ میں ترمیم بھی بلدیاتی نمائندگان کو قبول نہیں ہے۔ بلدیاتی نمائندگان کی مشاورت سے تیار کردہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2024 کا بل فوری طور پر اسمبلی سے منظور کیا جائے اور دیگر مطالبات منظور کیے جائیں۔ یہ باتیں آزاد کشمیر بھر کے بلدیاتی نمائندگان کی رابطہ کمیٹی کے فوکل پرسن اور چیئرمین ضلع کونسل پونچھ سردار جاوید شریف ایڈووکیٹ نے اپنی خصوصی گفتگو کے دوران کیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمارا مطالبہ ہے کہ متفقہ طور پر منظور شدہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ کا مسودہ فوری طور پر اسمبلی سے منظور کیا جائے۔ ضلعی افسران کے ایکس آفیشو ممبر کا نوٹیفکیشن جاری کر کے اس پر عملدرآمد کروایا جائے۔ ہیلتھ پیکیج منسوخ کر کے یہ اختیار کونسلز کو تفویض کیا جائے۔ دیگر محکمہ جات کے پیکیجز پر بھی بذریعہ کونسلز عملدرآمد کیا جائے۔

لوکل گورنمنٹ کا سو فیصد بجٹ اور فنانس کمیشن کے ذریعے دیگر شعبہ جات کا ترقیاتی بجٹ بالحاظ آبادی کونسلز میں تقسیم کیا جائے۔ بااختیار نظام حکومت کے لیے تمام محکموں کے رولز آف بزنس طے کیے جائیں۔ خالی ہونے والی نشستوں پر انتخابات کروانے کے لیے الیکشن کمیشن کو فنڈز جاری کیے جائیں۔ کونسلز کی ضروریات، سٹاف، دفاتر اور دیگر لوازمات فوری طور پر پورے کیے جائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ان مطالبات کی منظوری تک نہ تو حکومت سے مذاکرات ہونگے اور نہ ہی کوئی پیکیج یا فنڈز لیے جائیں گے۔ انکا کہنا تھا کہ پورے آزاد کشمیر کے بلدیاتی نمائندوں نے یہ متفقہ فیصلہ کر رکھا ہے اور اگر مطالبات منظور نہ ہوئے تو اگلے مرحلے میں مظفرآباد کی طرف لانگ مارچ اور اسمبلی کے گھیراؤ کا اعلان کرنے میں ہم حق بجانب ہونگے۔ انکا کہنا تھا کہ بااختیار لوکل گورنمنٹ کے قیام تک ہم جدوجہد جاری رکھیں گے۔ اس اعلان کے بعد ضرورت اس امر کی ہیکہ حکومت آزاد کشمیر بلدیاتی ملازمین کے مطالبات کو سنجیدہ لیتے ہوئے انہیں اعتماد میں لے تاکہ کسی بھی ہڑتال کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے مسائل سے بچتے ہوئے عوامی معاملات کو خوش اسلوبی سے حل کیا جا سکے۔

متضاد طرز عمل

مہمان کالم
کنور دلشاد

حکومت اور اپوزیشن کے مابین جب مذاکرات کا آغاز ہوا تو عوام نے سکھ کا سانس لیا کہ مذاکرات کے ذریعے فریقین کے مابین سیاسی اختلافات حل ہونے کے بعد ملک میں سیاسی استحکام قائم ہو سکے گا جو ملک میں معاشی استحکام اور عوام کے حالات میں بہتری کا باعث بھی بنے گا لیکن تحریک انصاف کی طرف سے مذاکرات کے بائیکاٹ کے اعلان کے بعد ملک میں سیاسی استحکام کے قیام کے خواہاں عوام ایک بار پھر مایوس دکھائی دیتے ہیں۔ اگرچہ حکومت کی طرف سے ابھی مذاکراتی کمیٹی کو تحلیل نہیں کیا گیا لیکن جب دوسرا فریق مذاکرات کی میز پر بیٹھنے کو تیار ہی نہیں تو اس کمیٹی کو برقرار رکھنے کا کیا فائدہ؟ اگر فریقین ایک دفعہ اپنے تمام تر اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ملکی مفاد کی خاطر سیاسی کھینچا تانی کا سلسلہ ختم کر دیتے تو عوام میں بھی یہ احساس اجاگر ہوتا کہ ہمارے سیاسی رہنماؤں کو ملکی مفاد سے بڑھ کر کوئی چیز عزیز نہیں ہے مگر سیاستدانوں نے ہر موقع پر ایسی امیدوں کو غلط ثابت کیا ہے۔ دوسری طرف جہاں ذاتی مفادات کی بات آتی ہے وہاں تمام سیاسی حریف ہر طرح کے اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر ایک پیج پر جمع ہو جاتے ہیں۔ حال ہی میں حکومتی اور اپوزیشن ارکان نے تنخواہوں میں اضافے پر جس طرح یک زبان ہو کر مثالی اتحاد کا مظاہرہ کیا ہے ایسا اتحاد ملکی مفاد کے لیے کیوں نہیں ہو سکتا؟ اراکین پارلیمنٹ کا مثالی اتحاد دیکھتے ہوئے قومی اسمبلی کی فنانس کمیٹی نے اراکین کی تنخواہوں میں 200 فیصد اضافے کی تجویز منظور کر کے اسے منظوری کے لیے وزیراعظم کو ارسال کر دیا ہے۔ اس پیش رفت پر اراکین اسمبلی کا کہنا تھا کہ پیسے آتے کس کو برے لگتے ہیں' تنخواہوں میں ایسا اضافہ تو ہر سال ہونا چاہیے۔ اطلاعات کے مطابق ابتدائی طور پر تنخواہوں میں اضافے کا مطالبہ تحریک انصاف کے 67 اراکین نے کیا تھا لیکن بعد ازاں پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ سمیت دیگر پارلیمانی جماعتیں بھی تنخواہوں میں اضافے پر ہم آواز ہو گئیں۔ یہ امر باعث تشویش ہونا چاہیے کہ اس ملک میں تنخواہوں میں کئی سو فیصد کی شرح سے اضافہ ہو رہا ہے جس کے عوام ٹیکسوں کی بھرمار اور اشیائے صرف کی مہنگائی سے ہلکان ہیں اور ماضی کی حکومتیں کم آمدنی والے طبقے کو توانائی اور خوراک کی مد میں جو اعانت فراہم کرتی تھیں حالیہ دو' تین برس کے دوران وہ ختم کر دی گئی ہے۔ صرف بجلی' تیل اور گیس کا ہی مسئلہ نہیں بلکہ اشیائے خورونوش پر بھی جنرل سیلز ٹیکس کی شرح میں نمایاں اضافہ کیا گیا ہے حتیٰ کہ دودھ جیسا خوراک کا بنیادی ترین جز بھی اس سے محفوظ نہیں ہے۔ غریب عوام پر ٹیکسوں کا بوجھ بڑھا کر اپنی تنخواہوں میں سینکڑوں فیصد اضافہ کرنے والے اراکین پارلیمنٹ کو عوام کی قوت خرید میں بہتری لانے پر بھی تھوڑی توجہ دینی چاہیے۔

دوسری جانب وفاق سمیت چاروں صوبائی حکومتوں کی طرف سے پنشن میں کمی کا نوٹیفکیشن جاری کیے جانے کے بعد ملک بھر میں سرکاری ملازمین پر یکم جنوری 2025ء سے بیس لائن پنشن کا قانون لاگو ہو چکا۔ بیس لائن پنشن سے مراد کیا ہے اور اس کا طریقہ کار کیا ہوگا' آئیے اس بارے جانتے ہیں۔ وفاقی وزارت خزانہ کے نوٹیفکیشن کے مطابق ریٹائرڈ ملازم کی پنشن سروس کے آخری 24 ماہ میں قابل پنشن تنخواہ کی اوسط کی بنیاد پر طے کی جائے گی۔ نئی پنشن سکیم موجودہ مالی سال میں بھرتی ہونے والے وفاقی سویلین ملازمین اور آئندہ مالی سال میں افواج میں بھرتی ہونے والے ملازمین پر بھی لاگو ہو گی۔ نئی اصلاحات میں 'ڈبل پنشن' لینے پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ ریٹائرڈ ملازم ریٹائرمنٹ کے بعد کسی ادارے میں دوبارہ نوکری کرنے پر یا تنخواہ لیں گے یا پنشن۔ انہیں پرانی ملازمت کی پنشن اور نئی ملازمت کی تنخواہ بیک وقت نہیں ملے گی۔ ریٹائرڈ ملازمین کو نئی نوکری ملنے پر ان کی پرانی پنشن بند کر دی جائے گی۔ اسی طرح وفات کے بعد ریٹائرڈ ملازم کی بیوہ کو پنشن مل سکے گی' اس کے بچوں کو نہیں۔ پنشن میں سالانہ اضافہ بھی اوسط تنخواہ کے مطابق ملنے والی پنشن کی بنیاد پر ہوگا۔ ریٹائرمنٹ کے وقت کی میعاد پنشن کو بیس لائن پنشن یعنی بنیادی پنشن شمار کیا جائے گا اور پنشن میں کوئی اضافہ ہوتا ہے تو وہ بیس لائن پنشن کی بنیاد پر ہوگا۔ اسی طرح اگر حاضر سروس یا پنشنر کا خاوند یا بیوہ خود بھی تنخواہ دار یا پنشنر ہوں تو وہ اس صورت میں پنشن لینے کے حقدار ہوں گے۔

جولائی 2025ء سے لاگو ہونے والی ان پنشن اصلاحات کی وضاحت ایک مثال کے ذریعے کرتے ہیں: ہر پنشنر کی یکم جولائی 2024ء تک ملنے والی پنشن کو بیس لائن پنشن سمجھا جائے گا۔ مثال کے طور پر اگر کسی پنشنر کو یکم جولائی 2024ء (جاری ہے......)

تمام مضامین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، کالم نگاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں
......(ادارہ)

ایک ہی راستہ بچا ہے

زیرو پوائنٹ
جاوید چودھری
www.facebook.com/javed.chaudhry

جنرل احسان الحق 2003 میں ڈی جی آئی ایس آئی تھے' افغانستان میں ان دنوں امریکا کا آپریشن چل رہا تھا' نیٹو فورسز نے 2001 میں افغانستان پر قبضہ کر لیا تھا لیکن اس کے باوجود ملک کے مختلف حصوں میں طالبان قابض تھے اور امریکا انھیں ڈھونڈ ڈھونڈ کر ختم کر رہا تھا' جنرل احسان الحق کو طالبان کے سلسلے میں 2003 میں امریکا کی دعوت دی گئی' سرکاری مصروفیات کے دوران انھیں ایک دن سی آئی اے کے ہیڈ کوارٹر بلایا گیا' ان کے ساتھ پاکستانی سفارت خانے کا ایک افسر بھی تھا' ہیڈ کوارٹر میں انھیں ایک تھیٹر نما کی جگہ لے جایا گیا' دیوار کے ساتھ کرسیاں تھیں جب کہ سامنے اسمارٹ ورک اسٹیشن تھے اور ان کے سامنے بڑی بڑی اسکرینیں تھیں' ورک اسٹیشنز پر نوجوان لڑکے لڑکیاں بیٹھے تھے' جنرل احسان الحق اور نوجوان سفارت کار کو دیوار کے ساتھ کرسیوں پر بٹھا دیا گیا۔

انھوں نے اپنے میزبان سے اس جگہ کے بارے میں پوچھا تو انھیں بتایا گیا آپ بس چند منٹ دے دیں آپ کو سب کچھ سمجھ آ جائے گا' یہ دونوں خاموش بیٹھ گئے' اسکرینز پر مختلف مناظر آتے اور جاتے رہے' کسی جگہ چراگاہیں تھیں' کسی جگہ ندیاں' نالے اور دریا تھے اور کسی جگہ خشک بے آباد پہاڑ تھے' یہ اسکرینیں دیکھتے رہے' اس دوران ایک اسکرین پر دو خشک پہاڑوں کے درمیان چھوٹی سی وادی نظر آئی' ورک اسٹیشنز پر بیٹھے نوجوانوں نے میز پر لگی ناب گھمائی اور تھیٹر کی تمام اسکرینوں پر وادی نظر آنے لگی' اس کے بعد تمام اسکرینیں ایک دوسرے کے ساتھ جڑ گئیں اور کیمرہ وادی پر فوکس کرتا چلا گیا' تھوڑی دیر بعد وادی کا ایک مکان نظر آنے لگا' کیمرے نے اسے فوکس کیا تو مکان میں موجود لوگ دکھائی دینے لگے' صحن میں چار رائفل بردار لوگ واک کر رہے تھے' دو لوگ مکان کی چھت پر پہرہ دے رہے تھے۔

ان کے ہاتھوں میں کلاشنکوفیں تھیں' وہ شام کا وقت تھا' سورج پہاڑوں میں چھپ رہا تھا' کیمرہ وادی کا جائزہ لیتا تھا اور پھر دوبارہ اس مکان پر فوکس کر لیتا تھا' اس دوران چھت پر کھڑے پہرہ داروں میں سے ایک نے کلاشنکوف زمین پر رکھی' مکان کے کونے میں آیا' پہاڑ کی طرف منہ کیا' کانوں پر ہاتھ رکھا اور اونچی آواز میں صدائیں دینے لگا' اس کی آواز نہیں آ رہی تھی لیکن جنرل احسان الحق کو اندازہ ہو رہا تھا وہ اذان دے رہا ہے' اذان کے بعد مؤذن نیچے اترا' مکان کے اندر سے لوگ نکلے' صحن میں صفیں بچھائیں اور نماز شروع کر دی جب کہ دوسرا پہرے دار چھت پر کھڑا ہو کر ان کی حفاظت کرتا رہا' ورک اسٹیشنز پر بیٹھے نوجوان نے مائیک میں کچھ کہنا شروع کر دیا۔

وہ ساتھ ساتھ ناب گھما کر مکان کو فوکس بھی کر رہا تھا' ایک پوائنٹ پر آ کر اس نے الٹی گنتی گننا شروع کی اور زیرو پر پہنچ کر پینل پر موجود سرخ بٹن دبا دیا' اسکرین پر خوف ناک دھماکا ہوا اور وہ مکان اپنے تمام مکینوں سمیت صفحہ ہستی سے مٹ گیا' اسکرینوں پر دھوئیں اور گرد کے سوا کچھ نہیں تھا' کیمرہ تھوڑی دیر دھوئیں اور گرد پر فوکس رہا اور پھر آہستہ آہستہ اوپر اٹھ گیا' اب پوری وادی نظر آ رہی تھی' لوگ مختلف گھروں سے نکل کر ملبے کی طرف دوڑ رہے تھے' جنرل احسان اور نوجوان سفارت کار دونوں حیرت سے ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگے۔

جنرل احسان کو بعد ازاں ڈائریکٹر کے پاس لے جایا گیا' اس نے انھیں بتایا' یہ ڈرون تھا' ہم نے ایک ایسی ٹیکنالوجی ڈویلپ کر لی ہے جس کے ذریعے ہمیں اب کسی مقام کو نشانہ بنانے کے لیے لوگ بھجوانا پڑتے ہیں اور نہ جہاز' ہم آسمان سے ٹارگٹ کو فوکس کرتے ہیں' ہمارے ڈرون وہاں پہنچتے ہیں اور ہم واشنگٹن سے بٹن دبا کر ٹارگٹ اڑا دیتے ہیں' یہ جنرل احسان اور نوجوان سفارت کار دونوں کے لیے نئی چیز تھی' دونوں بڑی دیر تک حیران رہے' انھیں بتایا گیا اس ڈرون کا نام پریڈیٹر (Predator) ہے اور اسے اڑانے' فائر کرنے اور واپس اتارنے کے لیے کسی شخص کی ضرورت نہیں ہوتی' یہ ریموٹ کنٹرول کے ذریعے آپریٹ ہوتے ہیں' ہمیں بس انھیں اڑانے اور اتارنے کے لیے ٹارگٹ کے قریب ''ایئر اسٹرپس'' چاہیے ہوتی ہیں اور یہ بھی چند برسوں کی بات ہے' ہم پانچ سال میں انھیں امریکا سے اڑائیں گے اور امریکا ہی میں لینڈ کرا دیں گے' یہ پلان اس وقت عجیب محسوس ہوتا تھا' ہم اس زمانے میں لوڈشیڈنگ کے عذاب کا شکار تھے۔

آٹھ آٹھ گھنٹے بجلی بند رہتی تھی جب کہ امریکا جنگوں اور فوج کے اگلے مرحلے میں داخل ہو رہا تھا' ایک ایسا مرحلہ جس میں اسے فوجی چاہیے تھے اور نہ ہی پائلٹ' اس کی فوج امریکا میں بیٹھ کر پوری دنیا میں بمباری کر سکتی تھی اور گراؤنڈ سولجر کے بغیر دوسرے ملکوں کو فتح کر رہی تھی' بہرحال قصہ مختصر جنرل احسان نئی حیرت لے کر پاکستان واپس آئے اور جنرل پرویز مشرف اور اس وقت کی فوجی قیادت کو نئی تکنیک کے بارے میں بتایا' اس زمانے کی قیادت کو یہ ہالی ووڈ کی فلم کا سین محسوس ہوا' افسروں کا خیال تھا سی آئی اے نے ڈی جی آئی ایس آئی کو پریشان کرنے یا ان کا مورال ڈاؤن کرنے کے لیے ایڈیٹنگ کا کوئی کمال دکھایا ہو گا' امریکی فلم بنا اور دکھا کر ہمیں متاثر کرنے کی کوشش کر رہے ہیں چناں چہ فیصلہ ہوا سی آئی اے نے جس گھر کو میزائل سے تباہ کیا اس جگہ اور مکان کا معائنہ کیا جائے۔

پاکستان کی ایک ٹیم چھپا کر افغانستان بھجوا دی گئی' سی آئی اے نے کنڑ کی اپنچ ویلی میں مکان کو نشانہ بنایا تھا' کنڑ اس زمانے میں بھی حقانیوں کے قبضے میں تھا' یہ ایک دشوار گزار علاقہ تھا جہاں پہاڑوں نے امریکی ہیلی کاپٹروں اور جہازوں کا راستہ روک رکھا تھا جب کہ تنگ دروں اور ندی نالوں کی وجہ سے گراؤنڈ ٹروپس بھی وہاں پہنچ نہیں پا رہے تھے لہٰذا طالبان کنڑ میں پناہ گزین ہو گئے تھے' ہماری ٹیم جیسے تیسے وہاں پہنچی' واپس آئی اور اس نے آ کر تصدیق کر دی وہ مکان واقعی اپنچ ویلی میں تھا اور امریکی میزائل حملے میں مکمل ختم ہو گیا تھا' اس تصدیق سے ہماری اسٹیبلشمنٹ کو 2003 میں معلوم ہو گیا امریکا اگلے چار پانچ برسوں میں پاکستان کی محتاجی سے آزاد ہو جائے گا' یہ صرف اس وقت تک ہمارے ساتھ چلے گا جب تک اس کے ڈرونز کی کپیسٹی میں اتنا اضافہ نہیں ہو جاتا کہ یہ امریکا سے اڑ سکیں اور واپس امریکا ہی میں لینڈ کر جائیں۔

دوسرا اسٹیبلشمنٹ کا اندازہ تھا امریکا کو آخری مرتبہ ہماری اس وقت ضرورت پڑے گی جب یہ افغانستان سے واپس جائے گا اور اس کے بعد پاکستان اس کے لیے غیر ضروری ہو جائے گا لہٰذا ہمارے پاس امریکا کی واپسی تک کا وقت ہے' ہم نے اس وقت کے دوران اپنے آپ کو معاشی لحاظ سے مضبوط کرنا ہے' ہم نے اگر یہ وقت ضائع کر دیا تو پھر ہمیں دوبارہ موقع نہیں ملے گا' تیسرا یہ فیصلہ بھی ہوا ہمیں امریکا کی واپسی سے پہلے علاقائی طاقتوں کے ساتھ اپنے تعلقات بھی بہتر بنا لینے چاہییں' بھارت کے ساتھ مسائل کا دیرپا حل نکالیں' چین اور روس کے ساتھ تعلقات ٹھیک کریں' عربوں کے ساتھ دوستی میں اضافہ کریں اور اپنے آپ کو معاشی لحاظ سے مضبوط کریں۔

یہ فیصلے درست اور دیرپا تھے' جنرل مشرف نے اپنے دور میں ان پر بہت کام کیا' بھارت کے ساتھ سرحدیں کھول دیں اور کشمیر کے دیرپا اور مستقل حل کی طرف بھی نکل آئے' چین کے ساتھ تعلقات بڑھا دیے' روس کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھا دیا اور ملک میں معیشت کا پہیہ بھی پوری طاقت سے گھومنے لگا' یہ سلسلہ اگر 2010 تک جاری رہتا تو پاکستان خطرے کی تمام لائنوں سے آگے نکل جاتا لیکن بدقسمتی سے پاکستان کو نظر لگ گئی اور ہم نے ایک بار پھر واپسی کی طرف دوڑ لگا دی' اس دوران نئی اسٹیبلشمنٹ نے عمران خان کا تجربہ بھی شروع کر دیا اور یہ تجربہ ٹوٹے ہوئے دانت پر آئس کریم ثابت ہوا۔

اس نے ملک کا بیڑہ غرق کر دیا اور وہ وقت بھی ضائع کر دیا جس میں ہم نے اپنے قدموں پر کھڑا ہونا تھا' ہم اس قیمتی وقت میں ایک دوسرے کے ساتھ لڑتے رہ گئے اور امریکا طالبان کو ہمارے حصے مار کر اگست 2021 میں افغانستان سے نکل گیا اور اس کے جاتے ہی ہماری ساری معیشت زمین بوس ہو گئی' ہم اس دوران امریکا کے لیے اتنے غیر اہم بھی ہو گئے کہ جو بائیڈن نے اپنے چار برسوں میں ہمارے وزیراعظم کو فون کیا اور نہ ہماری مبارک باد وصول کی' اس نے پاکستان کو اپنے فوجی کمانڈرز کے حوالے کر دیا' یہ آتے رہے اور اپنے کام نکلواتے رہے' جو بائیڈن کے چار برسوں میں امریکی وزیر خارجہ انٹونی بلنکن بھی پاکستان نہیں آیا۔

بائیڈن کے بعد 20 جنوری 2025 کو ڈونلڈ ٹرمپ دوسری مرتبہ صدر بنا تو اس نے ہمارے کسی لیڈر کو دعوت دی اور نہ ہی پاکستان کا نام لیا' ہم آج بھی یہ امید لگا کر بیٹھے ہیں ٹرمپ عمران خان کا نام لے کر کوئی ٹویٹ ہی کر دے اور اس کے بعد ہمارا اپنے پرانے اتحادی سے رابطہ استوار ہو جائے لیکن یہ بھی نہیں ہو رہا' کیوں نہیں ہو رہا؟ اس کی صرف ایک وجہ ہے' امریکا ٹیکنالوجی میں اتنا آگے بڑھ گیا ہے کہ اسے اب پاکستان جیسے کسی اڈے کی ضرورت نہیں رہی' اسے اگر افغانستان پر دوبارہ حملہ کرنا پڑا تو یہ میامی سے کرے گا اور بات ختم' ہم نے اپنے 20 قیمتی سال ضائع کر دیے ہیں۔

ہمارے لیے بہتر ہے ہم اب اس حقیقت کو مان لیں اور امریکا کی طرف دیکھنے کے بجائے اپنے قدموں پر کھڑا ہونا شروع کر دیں' سسٹم کی خرابیاں دور کریں' ہمسایوں کے ساتھ تعلقات ٹھیک کریں' لڑائیاں بند کریں' بزنس مینوں کے ساتھ فائنل ڈیل کریں' سیاسی افہام و تفہیم پیدا کریں اور آئین میں جتنی بھی تبدیلیاں کرنی ہیں ایک ہی بار کر لیں اور اس کے بعد پوری قوم کو کام پر لگا دیں اور دائیں بائیں نہ دیکھیں' ہمارے پاس اب صرف یہی ایک راستہ بچا ہے اور ہم نے اگر اسے بھی بند کر دیا تو پھر شاید ہمارے لیے کوئی نیا راستہ نہ بچے۔

بین الاقوامی اشرافیہ کون ہے؟

بیرسٹر حمید باشانی خان

ہمارے عہد میں گلوبلائزیشن اور ٹیکنالوجی کے ذریعے باہمی انحصار والی دنیا میں ایک سایہ دار لیکن ہمہ گیر وجود قوموں اور معاشروں پر چھایا ہوا ہے۔ عام آدمی کو اس کے وجود کا علم نہیں لیکن جو اس کا علم رکھتے ہیں وہ اسے بین الاقوامی اشرافیہ کہتے ہیں۔ یہ گروہ سرحدوں' ثقافتوں اور قومی وفاداریوں سے بالاتر ہے۔ دنیا کے معاشی' سیاسی اور ثقافتی نظاموں پر بے حد اثر و رسوخ رکھتا ہے۔ یہ اشرافیہ کیا ہے؟ کون ہے؟ یہ کن لوگوں پر مشتمل ہے؟ یہ کیسے کام کرتی ہے؟ دنیا میں عام آدمی کی زندگی پر اس کے کیا اثرات ہیں؟ عام آدمی کے لیے ضروری ہے کہ وہ اس عالمی اشرافیہ کے وجود اور اس کے عام آدمی کی زندگی پر پڑنے والے اثرات کا علم رکھتا ہو۔

بین الاقوامی اشرافیہ سے مراد افراد کا ایک طبقہ ہے جو عالمی سطح پر بے پناہ معاشی طاقت' سیاسی اثر و رسوخ اور ثقافتی طاقت رکھتا ہے۔ وہ ملٹی نیشنل کارپوریشنز کے سی ای اوز' ہیج فنڈ منیجرز' بیوروکریٹس' بااثر میڈیا مغلز' ٹیکنالوجی کے دیو اور موروثی دولت مند خاندانوں کے ارکان ہیں۔ اس گروپ میں نہ صرف انتہائی امیر بلکہ پالیسی ساز' کنسلٹنٹ' ماہرین تعلیم اور تھنک ٹینکس بھی شامل ہیں جو عالمی رائے اور فیصلہ سازی کو تشکیل دیتے ہیں۔ قومی حدود میں محدود روایتی اشرافیہ کے برعکس بین الاقوامی اشرافیہ ایک بین الاقوامی دائرے میں کام کرتی ہے۔ وہ مشترکہ مراعات' خصوصی نیٹ ورکس تک رسائی اور نیو لبرل ازم کے ایک متفقہ نظریے سے جڑے ہوئے ہیں۔ آزاد منڈیوں' نجکاری اور کم سے کم حکومتی مداخلت پر یقین رکھتے ہیں۔ ان کی مشترکہ زبان طاقت ہے اور ان کے کھیل کا میدان دنیا ہے۔

بین الاقوامی اشرافیہ مالی' سیاسی اور ثقافتی اداروں کے مربوط نیٹ ورکس کے ذریعے اپنا اثر و رسوخ استعمال کرتی ہے اور ایک خاص میکانزم کے ذریعے اپنے غلبے کو برقرار رکھتی ہے۔ بین الاقوامی اشرافیہ دولت اور سرمائے کی وسیع عدم مساوات پر پروان چڑھتی ہے۔ کثیر القومی کارپوریشنز جن کے صدر دفاتر بڑے مالیاتی مراکز میں ہیں' مارکیٹوں پر غلبہ رکھتی ہیں۔ مزدوری کے طریقوں کا تعین کرتی ہیں اور مقامی معیشتوں پر اثر انداز ہوتی ہیں۔ سرمایہ کو سرحدوں کے پار منتقل کرنے کی صلاحیت کے ساتھ وہ سرمایہ کاری کے لیے بے چین حکومتوں کے لیے شرائط کا تعین کرتی ہے۔ ٹیکس کی پناہ گاہیں' آف شور اکاؤنٹس اور قانونی خامیاں انہیں اپنی دولت کو محفوظ رکھنے اور بڑھانے کی اجازت دیتی ہیں جبکہ عام شہریوں کو اجرتوں اور کفایت شعاری کے اقدامات کا سامنا کرنے پر مجبور کرتی ہیں۔

لابنگ مہم کی مالی اعانت اور سیاسی رہنماؤں تک براہ راست رسائی کے ذریعے بین الاقوامی اشرافیہ اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ پالیسیاں ان کے مفادات کی عکاسی کرتی ہوں۔ ورلڈ اکنامک فورم' جی 20 یا جی 7 بظاہر عالمی تعاون کے پلیٹ فارم ہیں مگر اکثر اشرافیہ کے لیے اپنے ایجنڈوں کو ترتیب دینے کے لیے کام کرتے ہیں۔ تجارتی معاہدے' دانشورانہ املاک کے قوانین اور ڈی ریگولیشن اکثر کارپوریشنوں اور امیروں کو فائدہ پہنچانے کے لیے تیار کیے جاتے ہیں جس سے عام شہریوں کو ایک طرف کر دیا جاتا ہے۔ اس اشرافیہ کے زیر اثر میڈیا' تعلیم و تفریح پر کنٹرول حاصل کرنے کے لیے بین الاقوامی اشرافیہ کو بیانیہ تشکیل دینے اور اس کے لیے رضامندی حاصل کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ اکثر ایسے خیالات کو فروغ دیتا ہے جو امیروں کو فائدہ پہنچاتے ہیں جیسے عالمگیریت کی ناگزیریت یا کفایت شعاری کی ضرورت۔ اشرافیہ کی یونیورسٹیاں اور تھنک ٹینکس ایسے ماہرین پیدا کرتے ہیں جو جمود کو تقویت دیتے ہیں اور عدم مساوات کو ناگزیر قرار دیتے ہیں۔

ڈبلیو ٹی او' ورلڈ بینک اور عالمی مالیاتی فنڈ جیسے ادارے بین الاقوامی اشرافیہ کے ہتھیاروں میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ اگرچہ یہ ادارے عالمی استحکام اور ترقی کو فروغ دینے کا دعویٰ کرتے ہیں لیکن ان کی پالیسیاں اکثر قرض دہندگان اور سرمایہ کاروں کو مقامی آبادیوں پر ترجیح دیتی ہیں۔ سٹرکچرل ایڈجسٹمنٹ کے پروگرام مثال کے طور پر مقروض ممالک پر سخت کفایت شعاری کے اقدامات اور سماجی تحفظ کے جال کو مسلط کرتے ہیں۔ بین الاقوامی اشرافیہ کا غلبہ عالمی عدم مساوات' جمہوریت اور سماجی ہم آہنگی پر گہرے اثرات رکھتا ہے۔ مثال کے طور پر کووڈ بحران کے دوران جہاں ارب پتیوں کی دولت میں اضافہ ہوا' وہیں اربوں لوگ غربت کے جال میں پھنس گئے۔ امیروں کے امیر ہونے کے ساتھ ساتھ لاکھوں لوگ اپنی روزی روٹی کھو بیٹھے۔ غریب اور امیر کے درمیان فرق مسلسل وسیع ہوتا جا رہا ہے۔ بین الاقوامی اشرافیہ کا اثر و رسوخ اکثر جمہوری عمل کو نقصان پہنچاتا ہے۔ شہری تیزی سے محسوس کرتے ہیں کہ ان کے ووٹوں سے کوئی فرق نہیں پڑتا کیونکہ فیصلے بورڈ رومز میں ہوتے ہیں' بیلٹ باکس میں نہیں۔ دنیا بھر میں پاپولسٹ تحریکوں کا عروج اس سمجھے جانے والے حق رائے دہی کے خلاف ردعمل کی عکاسی کرتا ہے حالانکہ ایسی بہت سی تحریکیں اسی اشرافیہ کی طرف سے چلائی جاتی ہیں جن کی وہ مخالفت کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ کارپوریشنوں کی طرف سے منافع کی ہوس اور مسلسل کوشش' جو اکثر بین الاقوامی اشرافیہ کی طرف سے ہوتی ہے' وسیع پیمانے پر ماحولیاتی تباہی کا باعث بنی ہے۔ اگرچہ یہ اشرافیہ آب و ہوا کے سربراہی اجلاسوں کی میزبانی کرتی ہے اور وعدوں کا عہد کرتی ہے مگر وہ بحران سے نمٹنے کے لیے درکار تبدیلیاں شاذ و نادر ہی کرتے ہیں۔ بین الاقوامی اشرافیہ کی طاقت کو ختم کرنے کے لیے کثیر جہتی نقطہ نظر کی ضرورت ہے۔ سب سے پہلے زیادہ شفافیت ضروری ہے۔ یہ جاننا ضروری ہے کہ فیصلہ کیسے کیا جاتا ہے اور اس سے کس کو فائدہ ہوتا ہے۔ دوسرا' ٹیکس کی پناہ گاہوں کو بند کرنے' سرمائے کے بہاؤ کو منظم کرنے اور محنت کے منصفانہ طریقوں کو یقینی بنانے کے لیے بین الاقوامی تعاون کی ضرورت ہے۔ آخر میں' نچلی سطح کی تحریکیں اور اجتماعی کارروائی ایسی پالیسیوں کی وکالت کرتے ہوئے اشرافیہ کے غلبے کو چیلنج کر سکتی ہیں جو منافع پر لوگوں کو ترجیح دیتی ہیں۔ بین الاقوامی اشرافیہ ایک غیر منتخب عالمی اشرافیہ کے طور پر کام کرتی ہے اور دنیا کو اپنے مفادات کے مطابق ڈھال رہی ہے جبکہ اکثریت کو نتائج سے دوچار ہونے کے لیے چھوڑ دیتی ہے۔ ان کی طاقت نہ تو ناگزیر ہے اور نہ ہی ناقابل تسخیر۔ اپنے طریقوں کو بے نقاب کر کے اور احتساب کا مطالبہ کرتے ہوئے عام شہری اس بین الاقوامی اشرافیہ کو چیلنج کر سکتے ہیں اور ایک زیادہ منصفانہ اور جمہوری دنیا کی طرف کام کر سکتے ہیں۔ سوال یہ نہیں ہے کہ کیا تبدیلی ممکن ہے بلکہ یہ ہے کہ کیا ہم اس کے لیے لڑنے کی ہمت رکھتے ہیں۔ لڑنے کی اس طاقت کے حالیہ مظاہر مقامی سطح پر مختلف ممالک میں دیکھنے میں آئے ہیں۔ اگرچہ کچھ مخصوص مفادات کے تحت مقامی سطح پر منظم ہونے والے گروہوں نے اس کو بہت زیادہ مقامی یا کہیں کہیں علاقائی رنگ دے دیا۔ حالانکہ یہ سارے مطالبات عالمگیر تھے۔ آٹا' چینی' روز مرہ استعمال کی چیزوں کی قیمتوں میں اضافہ ایک عالمگیر مسئلہ ہے۔ ان چیزوں کے بارے میں ایجنڈے عوامی پہنچ پر ان لوگوں کی مرضی کے محتاج ہیں جو عالمی منڈیوں اور مارکیٹوں کو چلاتے ہیں۔ ان مسائل کو مقامی رنگ دینے میں کامیابی کی وجہ لیڈر شپ کی کمزوری یا نااہلی ہی کو سمجھا جا سکتا ہے یا یہ عالمی اشرافیہ کے روز بروز مضبوط ہونے اور ان کی عالمی منڈیوں پر مضبوط ہوتی گرفت کا اظہار ہے۔ عالمی اشرافیہ کی اس گرفت کو توڑنے کے لیے ایک مربوط اور منظم تحریک کی ضرورت ہے جو اس اشرافیہ کی روز بروز بڑھتی ہوئی طاقت کا مقابلہ کر سکے اور عوامی طاقت کے زور پر اس اشرافیہ کا سامنا کر سکے۔

☆☆☆☆

قرآن کریم اور ڈیپ سیک

مہمان کالم
امیر حمزہ

اللہ تعالیٰ کی قدرت ہے کہ ایک مشین انسانوں کی بات چیت اور تحریروں وغیرہ سے معلومات کو سامنے رکھے اور پھر جواب میں انسانوں ہی کی رہنما بن کر سامنے آئے تو اسے مصنوعی ذہانت (AI) کہا جاتا ہے۔ اس میدان میں امریکہ سرفہرست تھا۔ چیٹ یعنی بات چیت کہ جس کا نام ''جی ٹی پی'' رکھا گیا' یعنی trained-PreGenerative Transformer' اس نے دنیا میں امریکی ٹیکنالوجی کی دھوم مچا دی۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے برسراقتدار آتے ہی اس ٹیکنالوجی کے سائنسدانوں کو اپنی کابینہ میں اہم عہدے دیے۔ مذکورہ ٹیکنالوجی میں اربوں ڈالرز کی سرمایہ کاری کا اعلان کر دیا۔ دنیا کہنے لگ گئی کہ امریکہ بہت بڑی سپر پاور بنتے جا رہا ہے۔ مقابلے کی خاموش سپر پاور چین نے ''ڈیپ سیک'' کی ٹیکنالوجی میدان میں اتار دی۔ یہ انتہائی سستی بھی ہے' آسان بھی ہے' سادہ بھی ہے' فرینڈلی بھی اور لچک دار بھی۔ یہ جونہی مارکیٹ میں آئی' وال سٹریٹ میں دنیا نے دیکھا کہ امریکی کمپنیاں ایک ٹریلین کے قریب یعنی ایک ہزار ارب ڈالر کے خسارے میں چلی گئیں۔ اب امریکہ کو پریشانی یہ ہے کہ دنیا ''ڈیپ سیک'' پر چلی گئی تو دنیا بھر کی انسانی مہارتوں کا ڈیٹا چین کے پاس چلا جائے گا۔ ڈیپ سیک چوکڑیاں بھرتی آگے ہی آگے کو بڑھتی چلی جائے گی تو ہمارا کیا بنے گا۔ ہمارے سائنسدان' تاجر' سیاستدان وغیرہ اسے استعمال کریں گے' سب کا ڈیٹا ان کے پاس ہوگا تو یہ صورتحال ہمیں مزید کمزور کرے گی۔ یہ ٹیکنالوجی چین کو اوپر اٹھا دے گی لہٰذا ہاتھ پاؤں مارنے شروع کر دیے گئے۔

حضور ختم المرسلین ? پر نازل ہونے والے آخری الہام قرآن مجید کی عظمتوں کو سلام کہ اس نے مندرجہ بالا ٹیکنالوجی سے کس طرح انسانیت کو آگاہ فرمایا! ملاحظہ ہو۔ ''پیارے حبیب ?! دنیا بھر کو آگاہ کر دو۔ جس طرح یہ لوگ کہتے پھرتے ہیں کہ اللہ کے ساتھ اور بھی معبود ہیں اگر ایسا ہوتا تو یہ لوگ عرش والے اللہ کی طرف ضرور بہ ضرور راستہ نکالتے۔ وہ ایسی باتوں سے پاک ہے اور بہت بلند ہے جو یہ لوگ کرتے پھرتے ہیں' وہ بہت بڑی انتہاؤں تک بلند ہے۔ وہ ایسی ہستی ہے کہ ساتوں آسمان اور زمین اس کی تسبیح کرتے ہیں اور وہ مخلوقات جو آسمانوں اور زمینوں میں موجود ہیں' بھی اس کی تعریف کے ساتھ تسبیح کرتی ہے۔ (الغرض! کوئی ایسی شے' ایٹم' ذیلی ایٹمی ذرات اور کوارکس وغیرہ نہیں جو حمد کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان نہ کرے) مگر حقیقت یہ ہے (اے انسانو!) تم ان کی تسبیح کو سمجھ نہیں سکتے۔ حقیقت یہ ہے وہ حلیم (حوصلے والا) بھی ہے اور بخشنے والا بھی ہے''(بنی اسرائیل 42 تا 44)

قارئین کرام! مندرجہ بالا آیت میں تفقہون کا لفظ آیا ہے جو فقہ سے ماخوذ ہے۔ ''فقہ'' کے لفظ کو آپ جانتے ہی ہیں یعنی گہری سوچ بچار اور ریسرچ کے بعد جو موقف اپنایا جاتا ہے اسے ''فقہ'' کہتے ہیں۔ مسلمانوں کے فرقے' فقہی مکاتب فکر ہیں۔ اسلامی قانون کی تشریح کا نام بھی فقہ ہے۔ سائنسی امور میں غور و فکر بھی ''فقہ'' ہے۔ قرآن مجید نے اسی لیے ''تفقہون'' کا لفظ استعمال فرمایا ہے جس کی اساس ''فقہ'' کا لفظ ہے۔ یعنی کائنات کا ذرہ ذرہ جس طرح اپنے خالق کی عظمت کو پہچان کر اللہ کی پاکیزگی اور تعریف کرتا ہے تم اسے نہیں سمجھ سکتے۔ اللہ اللہ! یہ نہیں فرمایا کہ تم اسے سن نہیں سکتے۔ فرمایا! تم اسے سمجھ نہیں سکتے۔ تم اس کی فقاہت حاصل نہیں کر سکتے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ ہماری یہ کائنات انتہائی باشعور ہے۔ لہٰذا یہ ماننا پڑے گا کہ انسان نے جب اربوں انسانوں کا علمی ڈیٹا سائنسی اور ٹیکنالوجیکل انداز میں مصنوعی ذہانت یعنی اے آئی کے سامنے رکھا تو یہ سائنسی مشین اپنی ذہانت کا مظاہرہ کرنے لگ گئی۔ جی ہاں! ڈیٹا کس نے فراہم کیا؟ انسان نے فراہم کیا اور اب یہ انسان خود ہی ذریعہ بھی رہا ہے' خوف سے کانپ بھی رہا ہے کہ یہ مشین انسان سے آگے بڑھ جائے گی۔ انسانی ہاتھوں سے بنی ہوئی مشین ہی انسان کی آقا بن جائے گی۔ ملازمتیں ختم ہونا شروع ہو جائیں گی۔ وہی ملازمتیں برقرار رہیں گی اور نئی جابز سامنے آئیں گی جو اے آئی کی مہارتوں سے متعلق ہوں گی۔ آگے چل کر اے آئی کے روبوٹس نے فیصلے خود لینا شروع کر دیے تو انسان ان کے ہاتھوں مارے بھی جا سکتے ہیں۔ انسان اس ٹیکنالوجی کو آگے بھی بڑھا رہا ہے اور اپنے ہی بنائے ہوئے اس ہتھیار سے خوف بھی کھائے چلا جا رہا ہے۔

یاد رکھیں! اللہ تعالیٰ ہی سب کا خالق و مالک ہے۔ اس کی پیدا کی ہوئی اشیا کو استعمال کر کے انسان موجد بنا ہوا ہے۔ یہ خالق نہیں ہے' موجد ہے۔ ساری انسانیت مل کر ایک کوارک (Quark) تک نہیں بنا سکتی' جو ایٹم کا ایک ذیلی ذرہ ہے۔ بنے ہوئے کوارکس سے' کوارک کے اَپ اور ڈاؤن جوڑے سے' اور پھر ایٹم اور مالیکیول وغیرہ سے انسان بہت ساری ایجادات ضرور کر سکتا ہے۔ یہ موجد ہی رہے گا' خالق نہیں بن سکتا۔ اور یہ موجد بھی اپنی ہی ایجاد سے ڈرا اور سہما ہوا بھی ہے۔ اللہ کی قسم! اکمال اور انتہائی بے مثال ہے اللہ کا قرآن کہ ایسے موجد اور سائنسی انسان کو اللہ تعالیٰ آگاہ فرماتے ہوئے خبردار کرتے ہیں! فرمایا! ''تم لوگ کسی بھی طرح (اس کو) نہ زمین میں عاجز کر سکتے ہو اور نہ ہی آسمان میں عاجز کر سکتے ہو اور خدا کے سوا تمہارا کوئی دوست ہے اور نہ مددگار'' (العنکبوت 22)

یعنی تم جو بھی کر لو تم ہمہ وقت ہماری گرفت میں ہو۔ ہم سے بچ کر تم کہیں نہیں جا سکتے ہو۔ کائنات کا ہر ذرہ اور اس ذرے کے اندر کے ذیلی ذرات' سب ہمارے کنٹرول میں ہیں۔ اوپر سے اوپر چلتے چلے جاؤ۔ خلا میں ''ویوز'' (Waves) ملیں گی' ان کے اوپر بس ہمارا ہی آرڈر ہے جو چل رہا ہے۔ وہیں سے معلومات (Information) آ رہی ہیں۔ وہیں سے ڈیٹا آ رہا ہے۔ ذرہ ذرہ شعور ہے اور اپنے خالق کی حمد و ثناء کے گن گاتا ہے۔

چین نے seekDeep جو نام رکھا ہے' بہت ہی اچھا نام رکھا ہے۔ چینی بھائیوں کی خدمت میں گزارش ہے' ڈیپ سیک کے بانی محترم لیانگ وین فینگ (Wenfeng Liang) کی خدمت میں عرض ہے' آپ تلاش کرتے کرتے زیادہ گہرائی میں چلے گئے تو آپ نے ایسا کام کر لیا۔ 2003ء سے 2007ء تک کی صورتحال یہ تھی کہ مذکورہ ٹیکنالوجی کے 64 شعبوں میں سے امریکہ 60 میں آگے تھا۔ آج چین کی صورتحال یہ ہے کہ وہ ٹیکنالوجی جو 64 شعبوں میں دنیا کو لیڈ کر رہی ہے اور جس میں چین تب صرف تین میں آگے تھا' آج 57 میں آگے آ چکا ہے۔ یعنی لیڈنگ پاور میں چین نمبرون بن گیا ہے۔ آپ مزید گہرائی میں جائیں گے تو آپ کو اپنے خالق کی پہچان مل جائے گی۔ اللہ تعالیٰ کے قرآن کریم کی آخری بات عرض کر کے کالم کا اختتام کرنے والا ہوں۔ فرمایا: ''واما ماینفع الناس فیمکث فی الارض''۔ ترجمہ: ''جو چیز (علم و ٹیکنالوجی) لوگوں کو فائدہ دیتی ہے اللہ زمین میں اس کو ٹھہرا دیتا ہے' (اس کی جڑیں مضبوط کر دیتا ہے)'' (الرعد 17)۔ پاک چین دوستی زندہ باد!

☆☆☆☆

پیکا ایکٹ، پریس اور آزادی اظہار رائے کیلئے قاتل ٹیکہ

مہمان کالم
بابر اعوان

لو جی! آ گئی ہے' اک نئی پابندی لا گئی ہے' حکومت چھا گئی ہے' بولن دی آزادی کھا گئی ہے۔ میڈیا دا گلا دبا گئی ہے۔

میری یادداشت کے مطابق پہلی بار وفاقی پارلیمنٹ کے عین سامنے اسلام آباد کی سیاسی پولیس نے میڈیا پرسنز' پریس کلب عہدیداروں' صحافتوں کی نمائندہ تنظیموں کے رہنماؤں پر دھاوا بولا۔ اُن سے ہاتھا پائی کی' دھکے مارے' اسلام آباد کی پولیس بے امن' خالی ہاتھ یہ ایونٹ کور کرنے والے صحافیوں کو ہراساں کرنے کے لیے ان کے پیچھے دوڑتی رہی' جس کے نتیجے میں پارلیمنٹ کے ارد گرد ریڈ زون کی حفاظتی تار سے کچھ صحافیوں کو زخم آئے۔ آزادی صحافت پر یہ حملہ عین اسی جگہ ہوا جہاں 26 نومبر کو پاکستان تحریک انصاف کے پُرامن نوجوانوں پر گھپ اندھیرے میں بے رحمانہ طاقت کا اندھا دھند استعمال ہوا تھا۔ ایک بھرپور احتجاج کے ذریعے کئی سالوں بعد پچھلے 24 گھنٹے میں خیبر سے کراچی تک' پورے پاکستان کے صحافی یک آواز پیکا ایکٹ کا قاتل ٹیکہ مسترد کر رہے ہیں۔ ساتھ ہی اخباری تنظیمیں' پاکستان براڈکاسٹنگ ایسوسی ایشن (PBA)' کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز (CPNE) اور آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی (APNS) نے بھی میڈیا پر اس سرجیکل سٹرائیک کو سرے سے مسترد کر دیا ہے۔

مگر ذرا ٹھہریے! پہلے دستور پاکستان کی طرف چلتے ہیں۔ جہاں متحدہ پاکستان میں ون مین ون ووٹ کے جمہوری اصول کے اولین فیئر' فری' ٹرانسپیرنٹ الیکشن سے جو پارلیمنٹ منتخب ہوئی اس کی مغربی شاخ یعنی موجودہ پاکستان میں 12 اپریل 1973ء کے روز پاکستان کے شہریوں کو سب دی ماں' ریاست نے آرٹیکل نمبر 19 کے ذریعے کچھ آزادیاں بطور گارنٹی دی تھیں' ان میں سے پہلی آزادی کے لیے غیر مبہم الفاظ استعمال کیے گئے:

the haveshallcitizenEvery
speechoffreedomtoright
......expressioand

یعنی ہر شہری کو آزادیٔ اظہار اور آزادیٔ تحریر و تقریر کا دستوری حق حاصل ہوگا۔ پاکستان کے 25 کروڑ لوگوں کی اس دستوری گارنٹی میں rightfundamental کے الفاظ بڑے سیدھے سادے ہیں۔ ان الفاظ کا مطلب یہ ہے کہ ریاست یا اُس کا کوئی ادارہ یا کوئی ملازم شہریوں کو نہ اپنی مرضی سے لکھنے کو روک سکے گا نہ بول کر آزادانہ رائے دینے سے اور نہ ہی شہریوں کی جانب سے کسی اور ذریعے سے اپنی رائے کی آزادی کا حق استعمال کرنے کا راستہ روکے گا۔ آئین کے اسی آرٹیکل نمبر 19 میں Pressof Freedom کے لیے علیحدہ سے شق تخلیق کی گئی کیونکہ شہریوں کے آزادیٔ اظہار اور آزادیٔ رائے کے بعد آئین کے اگلے الفاظ میں and استعمال کیا گیا:

offreedombeshalltheeAnd
pressthe

اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستان میں میڈیا کی آزادی آئین سازوں کو کس قدر عزیز تھی۔ 1974ء سے لے کر آج تک دستور پاکستان میں 26 ترامیم داخل کی جا چکی ہیں۔ یہ الگ بات ہے' میجر جنرل اسکندر مرزا' جنرل ایوب خان' جنرل آغا یحییٰ خان' جنرل ضیاء الحق اور جنرل پرویز مشرف جیسے ڈکٹیٹروں کے غیر قانونی' ماورائے آئین اقدامات اور مارشل لاؤں کو اسی آئین میں تحفظ بھی دیا گیا' جس کا بہانہ بنا کر پاکستان کی اعلیٰ ترین عدلیہ نے ان سارے ماورائے دستور اور آئین شکن اقدامات کو عدل کا چوغہ ڈال کر ہمیشہ چھپایا ہے۔ بحران مارشل لاؤں کے پالے ہوئے ہاکے 60-1950ء کے عشرے سے 2025 تک کبھی خلا ملٹری الائنس' کبھی قومی مفاد اور کبھی قومی اتحاد کی شکل میں مسند اقتدار پر بار بار لا بٹھائے گئے۔ عوام ووٹ کہیں اور ڈالتے رہے لیکن نتیجہ ہارے ہوئے جواریوں کے حق میں نکالا گیا۔ جس کی انتہا دنیا کو فروری 2024ء میں دیکھنے کو ملی۔ چونکہ آزادیٔ صحافت پر بہیمانہ حملے کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ موجودہ رجیم ملک کے عوام' آزاد میڈیا یا قومی صحافت کے سامنے سرے سے جوابدہ ہے ہی نہیں لہٰذا اس غیر نمائندہ نظام نے اپنے پالتو ڈھولچی رکھ لیے ہیں۔ آپ صرف ایک رپورٹ شدہ حقیقت سے موجودہ نظام کی ذہنیت کا بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں جس کے مطابق قوم کے پیسے اور سرکاری خزانے پر پلنے والے واحد ٹی وی ادارے میں ایک سو کے قریب ایسے لوگ بھاری تنخواہوں اور مراعات پر بھرتی کیے گئے جن کے لیے سپریم کورٹ آف پاکستان کے طے شدہ اصولوں کے تحت نہ بھرتی کا کوئی اشتہار جاری ہوا اور نہ ہی مقابلے کا کوئی امتحان منعقد ہوا' بلکہ پچھلے دروازے سے جتنا بڑا خوشامدی آیا' اتنی بڑی تنخواہ کے اصول کے تحت خود فروش جمع کر لیے گئے۔ اسی ذہنیت نے آزادیٔ صحافت کو جان سے مارنے کے لیے پیکا کا قاتل ٹیکہ ایجاد کیا ہے۔

اس وقت قومی اسمبلی سے بلڈوز کر کے سینیٹ سے ڈبل ڈوز کیا جانے والا پیکا کا قاتل ٹیکہ ترمیمی بل میرے سامنے ہے۔ آئیے اس کے کچھ زہریلے حصے دیکھ لیں:

پیکا کا پہلا زہریلا ٹیکہ: سال 2016ء میں نواز شریف حکومت کے بنائے ہوئے الیکٹرانک کرائمز ایکٹ میں پھر سے عہد شریف میں ایک ترمیم بجریہ 2025ء کی دفعہ دو کی ذیلی دفعہ A(III) میں aspersion کے معنی نقصان رساں تنقید کو ان لفظوں میں جرم بنا دیا گیا:

andfalsespreadingMeans
informationharmful

ساری دنیا کے قوانین میں صرف Fake News کو قابل گرفت سمجھا جاتا ہے' یہاں ہر تنقید زبردستی بٹھائے گئے حکمرانوں کے لیے نقصان رساں بنتی جا رہی ہے۔ اس لیے جس صحافی نے کسی سرکاری' درباری عہدیدار یا ادارے کی کارکردگی کے بارے میں آزادانہ رائے دی وہ پیکا قانون کے مطابق مجرم ٹھہرا۔

پیکا کا دوسرا زہریلا ٹیکہ: تازہ پیکا قانون کے باب نمبر 1A میں ایک اتھارٹی بن گئی ہے' جس کا واحد کام ایسے رپورٹروں کی خبریں' جنہیں اُس کے خیال میں نقصان رساں تنقید یا فیک نیوز سمجھا جائے گا' اُن پر جرمانے کرنا ہے۔ یہ جرمانے صحافیوں کے ساتھ ساتھ متعلقہ میڈیا اداروں پر بھی کیے جائیں گے۔ پیکا ایکٹ کے 1C Chapter سیکشن 2V کے تحت اینٹی صحافت' خصوصی ٹربیونل یعنی متوازی عدالتی نظام بنایا گیا ہے' جس میں وفاقی حکومت اپنی مرضی کے بندے جج بٹھائے گی۔ سیکشن 26A کا عنوان ظاہر کرتا ہے' پیکا کا زہریلا ٹیکہ کس کے لیے تیار ہوا؟ اس سیکشن کا ٹائٹل یہ ہے:

andfalseforPunishment
informationfake

وفاقی حکومت کے ٹربیونل کے خیال میں جو خبر یا تشریح غلط یا فیک سمجھا جائے اُس پر صحافیوں' رپورٹروں اور صحافتی اداروں کے ارکان کو قید اور جرمانے کی سزا دی جائے گی۔ کتنی قید اور کتنا جرمانہ یا دونوں؟...(جاری)

☆☆☆☆☆